میکرواکنامک استحکام، وزیر خزانہ نے پیش رفت اور حکومتی ترجیحات سے آگاہ کر دیا

صنعت وتجارت کا حقیقی ترجمان

ہفت روزہ

تجارت نیوز کراچی

E-mail: Tijaratnewshd@gmail.com
Cell: 0313-1176161

چیف ایڈیٹر: سید وحید شاہ | ایڈیٹر: محمد صغیر

جلد 26 | شمارہ: 38 | 21 تا 27 ستمبر 2026ء | صفحات: 4 | قیمت: 15 روپے

چھ اہم ترجیحات میں معاشی استحکام کو پائیدار بنانا، مستحکم پیداواری صلاحیت، سرمایہ کاری اور برآمدات پر مبنی پائیدار اور ذمہ دارانہ ترقی کی جانب پیش رفت، ڈھانچہ جاتی اصلاحات کا سلسلہ جاری رکھنا، امداد سے تجارت اور سرمایہ کاری کی جانب منتقلی، بلاک چین اور ویب 3.0 سمیت نئی معیشت کے لیے پاکستان کو موثر طور پر تیار کرنا شامل ہیں

مالی سال 2026 میں جی ڈی پی کی شرح نمو 3.7 فیصد تک بحال ہوئی جبکہ مالیاتی خسارہ جی ڈی پی کے 2.6 فیصد تک کم ہوا، جو کئی برسوں کی کم ترین سطح ہے جبکہ ملک میں مسلسل تیسرے سال پرائمری سرپلس بھی ریکارڈ کیا گیا، لندن میں جے پی مورگن کی ایمرجنگ اینڈ فرنٹیئر مارکیٹس مواقع کانفرنس کے موقع پر منعقدہ خصوصی نشست سے خطاب

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیرِ خزانہ و محصولات، سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان استحکام سے سرمایہ کاری اور خود مختار بحالی سے وسیع تر سرمایہ کی تشکیل کی جانب بڑھ رہا ہے، مالیاتی و بیرونی شعبے کے استحکام، مہنگائی، قرضوں کے انتظام اور عالمی مالیاتی منڈیوں تک دوبارہ رسائی کے شعبوں میں نمایاں پیش رفت ہوئی ہے، ایس ایم ایز، زراعت اور ہاؤسنگ کے شعبوں میں مالی وسائل تک رسائی کو وسعت دی جا رہی ہے۔ انہوں نے یہ بات لندن میں جے پی مورگن کی ایمرجنگ اینڈ فرنٹیئر مارکیٹس مواقع کانفرنس کے موقع پر منعقدہ خصوصی نشست سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ وزیر خزانہ نے پاکستان کی معیشت کو درپیش بیرونی معاشی دباؤ، کلی معیشت کے استحکام اور مستقبل کی معاشی حکمتِ عملی پر تفصیلی گفتگو کی اور معاشی استحکام کے حصول میں پاکستان کی پیش رفت اور سرمایہ کاری، سرمایہ کی تشکیل، (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 49)

موبائل فون کی درآمدات میں 8.85 فیصد کمی

رواں مالی سال کے پہلے دو ماہ میں درآمدات کم ہو کر 27 کروڑ 41 لاکھ 29 ہزار ڈالر رہ گئیں

جولائی تا اگست 2026 کے دوران 10.53 فیصد کم ہو کر 762.67 ارب روپے رہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ادارہ شماریات کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق پاکستان کی موبائل فون درآمدات رواں مالی سال کے پہلے دو ماہ کے دوران 8.85 فیصد کم ہو کر 27 کروڑ 41 لاکھ 29 ہزار ڈالر رہ گئیں، جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں 30 کروڑ 7 لاکھ 41 ہزار ڈالر تھیں۔ روپے کی قدر میں موبائل فون کی درآمدات جولائی تا اگست 2026 کے دوران 10.53 فیصد کم ہو کر 762.67 ارب روپے رہیں، جبکہ 2025 کی اسی مدت میں یہ 852.45 ارب روپے تھیں۔ سالانہ بنیاد پر بھی اگست 2026 میں موبائل فون کی درآمدات میں 13.82 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی اور یہ 13 کروڑ 36 لاکھ 95 ہزار ڈالر رہیں، جو اگست 2025 میں 15 کروڑ 51 لاکھ 29 (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 01)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف دانش یونیورسٹی کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایف بی آر جلدی خراب ہونے والی اشیا کی نئی فہرست جاری

ایس آر او 1629 کے ذریعے 27 فروری 1999 کو جاری کردہ پرانا ایس آر او 125 منسوخ

29 مختلف اشیاء اور اجناس کو جلدی خراب ہونے والی اشیاء کی فہرست میں برقرار رکھا گیا ہے

اسلام آباد (کامرس رپورٹر) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے کسٹمز ایکٹ 1969 کے سیکشن 98 کے تحت ایک اہم ایس آر او 1629 جاری کیا ہے، جس کے ذریعے 27 فروری 1999 کو جاری کردہ پرانے ایس آر او 125 کو منسوخ کرتے ہوئے جلدی خراب ہونے والی اشیاء کی نئی اور جامع فہرست کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن میں شامل 29 مختلف اشیاء اور اجناس کی فہرست میں چھالیہ سمیت پان، مکھن، پنیر، ناریل، ایکسرے فلمیں، کھجور، خشک میوہ جات، انڈے، ادرک، ناکارہ تیل اور روغنی بیج، غذائی اجناس، مچھلی، لہسن، خام اور پروسیس شدہ چمڑا و کھالیں، درخت، پودے اور ان کی جڑیں، خشک دودھ، گوشت، پیاز، سیب، مٹھائیاں اور کنفیکشنری، مشروبات و سافٹ ڈرنکس، چینی، مصالحہ جات، شربت، (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 02)

اپنی شرائط امریکا کو پیش کرنے کیلئے پاکستان اور قطر کو پہنچا دیں، ایران

اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کی چھیڑی ہوئی اس جنگ سے نکلنے کے لیے صدر ٹرمپ کے پاس ایرانی شرائط کو تسلیم کرنے کے علاوہ کوئی دوسرا راستہ نہیں ہے، اس وقت قطری اور پاکستانی ثالثوں کے ساتھ ایرانی ٹیم کی مشاورت کا عمل مسلسل جاری ہے

ایران کسی بھی بڑی اور فیصلہ کن جنگ سے پیچھے نہیں ہٹے گا اور صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے دی جانے والی دھمکیوں کا کوئی نتیجہ برآمد نہیں ہوگا، امریکا بغیر کسی وجہ کے اسلام آباد مفاہمتی یادداشت سے پیچھے ہٹا تو ایران نے اپنی دفاعی حکمتِ عملی تبدیل کر لی تھی، محسن رضائی

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران کی سپریم نیشنل سیکیورٹی کونسل کے سیکریٹری محسن رضائی نے انکشاف کیا ہے کہ امریکا کے ساتھ مذاکرات کے لیے ایران نے اپنی شرائط پاکستان اور قطر جیسے ثالث ممالک کے حوالے کر دی ہیں، عرب ذرائع ابلاغ کو دیے گئے ایک خصوصی انٹرویو میں محسن رضائی نے واضح کیا کہ خطے میں اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کی چھیڑی ہوئی اس جنگ سے نکلنے کے لیے صدر ٹرمپ کے پاس ایرانی شرائط کو تسلیم کرنے کے علاوہ کوئی دوسرا راستہ نہیں ہے۔ ایرانی سپریم نیشنل سیکیورٹی کونسل کے سیکریٹری محسن رضائی نے تصدیق کی ہے کہ اس وقت قطری اور پاکستانی ثالثوں کے ساتھ ایرانی ٹیم کی مشاورت کا عمل مسلسل جاری ہے اور امریکا تک پہنچانے کے لیے اپنا حتمی موقف اور شرائط ثالثوں کے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 50)

خوردنی تیل ٹینکر مالکان کی تنظیم پر 6 کروڑ روپے جرمانہ عائد

کراچی کی بندرگاہوں سے مختلف مقامات تک تیل، گھی اور بناسپتی چربی کی ترسیل کے نرخ مقرر کئے گئے

اے پی ای او ٹی او اے نے 6 برسوں کے دوران نقل و حمل کے نرخوں میں 89 مرتبہ ردوبدل کیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) مسابقتی کمیشن پاکستان (سی سی پی) نے آل پاکستان ایڈیبل آئل ٹینکر اونرز ایسوسی ایشن (اے پی ای او ٹی او اے) پر نقل و حمل کے نرخ مقرر کرنے اور ٹینکر مالکان کے درمیان کاروبار محدود و قطار کے نظام کے ذریعے تقسیم کرنے پر 6 کروڑ روپے جرمانہ عائد کر دیا، کمیشن کے مطابق مذکورہ طریقہ کار کمپیٹیشن ایکٹ 2010 کی دفعہ 4 کی خلاف ورزی ہے، جس (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 03)

کراچی سمیت ملک بھر کے لیے بجلی مزید مہنگی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کے بعد ملک بھر کے لیے بجلی مہنگی ہونے کا امکان ہے۔ کراچی سمیت ملک بھر کے بجلی صارفین کے لیے اگست کی ماہانہ فیول ایڈجسٹمنٹ کے تحت بجلی مہنگی ہونے کا امکان ہے، جس کے لیے باقاعدہ درخواست جمع کرا دی گئی ہے۔ اس (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 04)

جولائی تا اگست، ٹیکسٹائل برآمدات میں 5.55 فیصد اضافہ

تجارتی نمو میں مصنوعات نے نمایاں کردار ادا کیا ان میں سوتی دھاگا شامل ہے

دھاگے کی برآمدات 119.195 ملین ڈالر سے بڑھ کر 160.679 ملین ڈالر ہو گئیں

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) رواں مالی سال 2026-27 کے پہلے دو ماہ (جولائی تا اگست) کے دوران ٹیکسٹائل شعبے کی برآمدات گزشتہ مالی سال کے اسی عرصے کے مقابلے میں 5.55 فیصد بڑھ گئی ہیں۔ یہ اعداد و شمار ادارہ شماریات کی جانب سے جاری کردہ ماہانہ ایڈوانس ریلیز آن فارن ٹریڈ اسٹیٹسٹکس میں جاری کیے گئے ہیں۔ پی بی ایس کے مطابق زیر جائزہ مدت کے دوران ملکی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 05)

ایویکیوٹرسٹ پراپرٹی بورڈ کی من مانیاں جاری، عدالتی احکام نظرانداز

سندھ ہائیکورٹ کے سخت احکامات کے باوجود کراچی کاٹن ایکسچینج کی عمارت کو ڈی سیل نہیں کیا گیا

ملکیت کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن کے پاس ہے اور وفاقی اداروں کی کارروائی بلاجواز ہے، مرتضیٰ وہاب

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) سندھ ہائیکورٹ نے کراچی کاٹن ایکسچینج کی تاریخی عمارت کے معاملے میں BoardProperty TrustEvacuee کے حکام کی جانب سے عدالت کے پہلے حکم پر عمل نہ کرنے پر سخت ناراضی کا اظہار کرتے ہوئے عمارت کی سیل کھولنے کا حکم دیا تھا جبکہ عدالت نے یہ بھی حکم دیا کہ عمارت کی سیل کھولنے کے بعد متعلقہ حکام اگلی سماعت پر عدالتی حکم پر عمل درآمد کی رپورٹ جمع کرائیں۔ تاہم مصدقہ اطلاعات کے مطابق تاحال عدالتی احکامات پر عمل درآمد ممکن نہ ہو سکا ہے، جبکہ قابل ذکر بات تو یہ ہے کہ سیل کی جانے والی عمارت کو وفاقی تحقیقاتی ادارے ایف آئی اے نے اپنے دفتر (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 07)

اسمگل چھالیہ سے میٹھی سپاری تیار کرنے والا نیٹ ورک کسٹم کے نشانے پر آگیا

بلوچستان کے علاقے حب چوکی نظر چورنگی کے قریب تارا اور سیون اپ نامی میٹھی سپاری تیار کرنے والے بڑے کارخانے پر چھاپہ

کروڑوں روپے کی کچی چھالیہ اور میٹھی سپاری برآمد، مرکزی ملزمان جاوید اور سلمان کی گرفتاری کے لیے خصوصی ٹیمیں تشکیل

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) بلوچستان کے علاقے حب چوکی، لیڈا انڈسٹریل اسٹیٹ، نظر چورنگی کے قریب کسٹم حکام کی جانب سے کی جانے والی بڑی کارروائی کے دوران بھاری مقدار میں کچی چھالیہ، سیون اپ اور تارا نامی میٹھی سپاری، اس کی تیاری میں استعمال ہونے والی ہیوی مشینری اور پیکنگ میٹریل کو قبضے میں لے لیا گیا اور مذکورہ کارخانے کو سیل کر کے ملوث ملزمان کی گرفتاری کے لیے اقدامات کا آغاز کر دیا گیا ہے، جبکہ ضبط شدہ سامان کو 9 مزدا ٹرکوں میں بھر کر کسٹم ویئر ہاؤس منتقل کیا گیا، جس کی مالیت کروڑوں روپے بتائی جاتی ہے، باخبر ذرائع سے ملنے والی اطلاعات کے مطابق اسمگل چھالیہ سے سیون اپ اور (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 06)

وزیراعظم کی پیٹرول سبسڈی اسکیم کے حوالے سے مزید اہم فیصلے

اسحاق ڈار کی زیرصدارت ریلیف اسکیم پر عمل درآمد کا جائزہ لینے کیلئے اسٹیئرنگ کمیٹی کا اجلاس

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی زیرصدارت اجلاس میں وزیراعظم کی فیول سبسڈی اسکیم کے حوالے سے مزید اہم فیصلے کیے گئے اور انٹرنیٹ سے محروم علاقوں میں پیٹرول پمپس پر ایس ایم ایس کے ذریعے ٹوکن کیش کرانے کی منظوری (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 08)

مشرق وسطیٰ کی صورتحال، پاکستانی معیشت پر منفی اثرات کا آغاز

گزشتہ مالی سال کے مقابلے میں برآمدات میں ایک ارب 20 کروڑ ڈالر سے زائد کی کمی ریکارڈ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) مشرق وسطیٰ کی صورتحال کے پاکستانی معیشت پر منفی اثرات سامنے آنا شروع ہو گئے ہیں۔ گزشتہ مالی سال کے مقابلے میں ملکی برآمدات میں ایک ارب 20 کروڑ ڈالر سے زائد کی کمی ریکارڈ کی گئی ہے، جبکہ مالی سال 2025-26 میں پاکستان کا مجموعی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 09)

ایندھن کا ذخیرہ کم، ملک میں پیٹرول اور ڈیزل بحران کا خطرہ

حکومت پر آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کے 66 ارب 70 کروڑ روپے واجب الادا ہیں، آئل کمپنیز ایڈوائزری کونسل

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ملک میں ایندھن کا ذخیرہ کم ہونے کی وجہ سے پیٹرول اور ڈیزل کے بحران کا خطرہ پیدا ہو گیا۔ آئل کمپنیز ایڈوائزری کونسل (او سی اے سی) نے وفاقی وزیر پیٹرولیم اور چیئرمین اوگرا کو ہنگامی خط لکھ دیا، جس میں سرمایے کی قلت کے باعث پیٹرول اور ڈیزل کی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 10)

ہر قیمت پر سعودی عرب کا دفاع کریں گے، ڈی جی آئی ایس پی آر

مملکت کی سلامتی اور حرمین شریفین کے تحفظ کے لیے پاکستان کا عزم غیر مشروط ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ڈائریکٹر جنرل انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (ڈی جی آئی ایس پی آر) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے عرب نیوز کو دیے گئے ایک انٹرویو میں کہا ہے کہ پاکستان سعودی عرب کے دفاع کے لیے کسی بھی حد تک جائے گا جبکہ مملکت کی سلامتی اور (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 11)

وزیراعظم فیول سبسڈی اسکیم کے آغاز پر کراچی میں ایک پیٹرول پمپ پر شہری ٹوکن دکھا رہا ہے

جی ایس پی پلس کی توسیع، اپٹما اور یورپی یونین کے مذاکرات شروع

موجودہ اسکیم کی مدت ختم ہونے کے بعد اسے برقرار رکھنے کے لیے پیش رفت انتہائی اہم ہوگی، سفیر

اس سہولت کے باعث پاکستان اپنی 78 فیصد اشیا یورپی منڈی میں ڈیوٹی فری برآمد کرنے کے قابل ہوا ہے، اپٹما

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کی ٹیکسٹائل صنعت اور یورپی یونین نے یورپی یونین کی جنرلائزڈ اسکیم آف پریفرنسز پلس (جی ایس پی پلس) تجارتی سہولت کی تجدید کے حصول کے لیے بات چیت کا آغاز کر دیا ہے۔ یورپی یونین کے سفیر رائمونڈاس کاروبلس نے زور دیا ہے کہ 2027 میں موجودہ اسکیم کی مدت ختم ہونے کے بعد اسے برقرار رکھنے کے لیے انسانی حقوق، محنت کشوں کے حقوق اور (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 12)

سعودی عرب: طائف میں مار گرائے گئے ڈرون کا ملبہ، متاثرہ عمارت کا معائنہ کیا جا رہا ہے

ایس ای سی پی، ایڈجوڈیکیشن کیسز میں 4.73 ارب روپے کے جرمانے عائد

کمپنیز ایکٹ اور دیگر متعلقہ قوانین کی خلاف ورزیوں پر 573 مقدمات پر فیصلے جاری

تمام معاملات میں بروقت اور شفاف فیصلوں کو یقینی بنایا جا رہا ہے، چیئرمین

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے ایڈجوڈیکیشن کیسز کا بیک لاگ 98 فیصد نمٹاتے ہوئے کمپنیز ایکٹ اور دیگر متعلقہ قوانین کی خلاف ورزیوں پر 573 مقدمات پر فیصلے جاری کرتے ہوئے مجموعی طور پر 4.73 ارب روپے سے زائد کے جرمانے عائد کیے ہیں۔ چیئرمین ایس ای سی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 14)

سٹی کورٹ، پارکنگ مافیا اور ٹریفک پولیس کا گٹھ جوڑ بے نقاب ہو گیا

معروف قانون دان ایڈووکیٹ آصف ابڑو نے اس حساس معاملے کا فوری نوٹس لینے کی اپیل کر دی

کراچی (کامرس رپورٹر) سٹی کورٹ کے باہر سے نجی افراد کی جانب سے نو پارکنگ کے نام پر موٹر سائیکلیں اٹھائے جانے کی ویڈیو وائرل ہو گئی، جس میں دیکھا جا سکتا ہے کہ سٹی کورٹ کے باہر بنائی جانے والی پارکنگ میں کھڑی کی جانے موٹر سائیکلوں کو نجی افراد اٹھا کر لے جا رہے تھے، جو وہاں موجود وکیل کی جانب سے اس ضمن میں سوال پوچھنے پر تسلی بخش جواب دینے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 15)

ڈسکوز کی نجکاری میں ترک سرمایہ کاروں کی دلچسپی

حکومت پاکستان سے توانائی کے شعبے میں تعاون مزید مضبوط بنانے کے اقدامات پر تبادلہ خیال

یہ پیش رفت ترکیہ کے سفیر اور وفاقی وزیر برائے توانائی کی ملاقات میں سامنے آئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت نے پاکستان کی بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں (ڈسکوز) کی نجکاری میں ترک سرمایہ کاروں کی دلچسپی کا خیر مقدم کیا ہے، جبکہ اسلام آباد توانائی کے شعبے میں ترکیہ کے ساتھ تعاون مزید گہرا کرنے کا خواہاں ہے۔ یہ پیش رفت پاکستان میں ترکیہ کے سفیر ڈاکٹر عرفان نذیر اوغلو اور وفاقی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 19)

کوہاٹ حملے کے بعد کلیئرنس آپریشن مکمل، تمام دہشت گرد ہلاک

100 سے زائد افراد زخمی جبکہ شہداء میں 16 پولیس اہلکار اور 6 شہری شامل ہیں

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبر پختونخوا کے ضلع کوہاٹ کی پولیس لائنز میں نماز جمعہ کے دوران ہونے والے خودکش حملے کے بعد سرچ اینڈ کلیئرنس آپریشن مکمل کر لیا گیا۔ حکام نے کہا کہ سیکیورٹی اداروں اور پولیس نے 20 گھنٹے بعد آپریشن مکمل کر لیا، سیکیورٹی اداروں نے دھماکے کے بعد (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 13)

لاہور ایکسپو سینٹر میں پاکستان انٹرنیشنل آٹو شو 2026 کا آغاز

وزیر اعلیٰ پنجاب سے آٹو موبائل صنعت سے وابستہ صنعتکاروں کی غیر رسمی ملاقات

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے لاہور ایکسپو سینٹر میں پاکستان انٹرنیشنل آٹو شو 2026 کا افتتاح کر دیا جس کے ساتھ تین روزہ نمائش کا باضابطہ آغاز ہو گیا۔ وزیر اعلیٰ نے آٹو موبائل صنعت سے وابستہ صنعتکاروں سے غیر رسمی ملاقات کی اور ملکی اقتصادی ترقی کے لیے ان کی خدمات کو سراہا۔ مریم نواز شریف نے کہا کہ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 16)

پیٹرولیم لیوی ہر صورت ختم کرنی پڑے گی، لانگ مارچ شروع کر رہے ہیں

ایف بی آر کا عملہ ٹیکس کے اہداف پورے نہیں کرتا، بھتہ ٹیکس لیا جاتا ہے، حافظ نعیم

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی کی تحریک اب پوری قوم کی آواز بن چکی ہے، پیٹرولیم لیوی ہر صورت ختم کرنی پڑے گی، کل سے لانگ مارچ شروع کر رہے ہیں، حکومت نے پھر رابطہ کیا ہے۔ لاہور میں پریس کانفرنس (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 20)

روشم خان قتل کیس، کئی روز بعد بھی پیشرفت نہ ہو سکی

بیٹے کے قاتل گرفتار نہیں ہوئے تو وزیراعلیٰ ہاؤس کے باہر بھی احتجاج کیا جائے گا، والد

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) شہر قائد کے علاقے منگھوپیر گرین سٹی میں 7 اور 8 ستمبر کی درمیان شب گھر کے اندر دوران ڈکیتی ملزم کی فائرنگ سے جاں بحق ہونے والے 16 سالہ نوجوان کے قاتل تاحال گرفتار نہ ہو سکے۔ ذرائع کے مطابق گرین سٹی منگھوپیر میں گھر کے اندر گھس کر ڈکیتی کی واردات کے دوران ڈاکوؤں کی فائرنگ سے 16 سالہ روشم کے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 17)

صوبوں کو مطلوبہ مقدار میں گندم کی فراہمی یقینی بنائی جائے، اسحاق ڈار

قومی اسٹیئرنگ کمیٹی کے اجلاس میں قیمتوں میں استحکام کے لیے درآمد کے عمل کا جائزہ لیا گیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان (ٹی سی پی) کو ہدایت کی ہے کہ صوبوں کو ان کی ضروریات کے مطابق مطلوبہ مقدار کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے پاکستان ایگریکلچرل اسٹوریج اینڈ سروسز کارپوریشن (پاسکو) کو بھی ہدایت کی کہ طے شدہ مقدار کے مطابق اپنے ذخائر سے صوبوں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 18)

اسلام آباد: جماعت اسلامی کے ممکنہ احتجاج کے پیش نظر ریڈ زون جانے والے راستے ڈی چوک کو کنٹینر لگا کر بند کر دیا گیا

کوہاٹ میں پولیس لائنز کے قریب مسجد میں دھماکے سے تباہی کا منظر، دوسری جانب فوجی اہلکار جائے وقوعہ کا معائنہ کر رہے ہیں

صنعت وتجارت کا حقیقی ترجمان
ہفت روزہ
تجارت نیوز کراچی
چیف ایڈیٹر: سیّد وحید شاہ
ایڈیٹر: محمد صغیر
جلد نمبر 26 (شمارہ نمبر 38) 21 تا 27 ستمبر 2026ء فون- 0313-1176161 Email:Tijaratnewshd@gmail.com

سونا بنانے کی کیمیا اور ننگے پاؤں چلتے عوام

ہمارے سماج کا سب سے بڑا اور روح کو چھید دینے والا المیہ یہ ہے کہ اس دھرتی پر بسنے والے عام آدمی کی خون پسینے کی محنت کبھی اس کے حالات نہیں بدل سکی۔ ایک طرف وہ انسان ہے جو صبح کے دھندلکے سے لے کر رات کی تاریکی تک تپتی دھوپ اور سخت سردی میں ہڈیاں گلاتا ہے، اپنے ہاتھوں کے چھالوں کی پروا کیے بغیر ریاست کے پہیے کو روانی دیتا ہے، مگر جب شام کو گھر لوٹتا ہے تو اس کے بچے دو وقت کی روٹی، علاج اور بنیادی ضرورتوں کو ترستے رہ جاتے ہیں۔ دوسری طرف وہ بااثر طبقہ ہے جس کے مال واسباب میں دن دگنی اور رات چوگنی وسعت آتی چلی جاتی ہے۔ آخر یہ کون سا نظام ہے جو محنت کش کی کمائی کا اخلاص چوس لیتا ہے اور ہوس کے پجاریوں کی جھولیاں بھرتا رہتا ہے؟ اسی سچائی کی کوکھ سے وہ تلخ اور دردناک سوال جنم لیتا ہے جو میرے اور اس ملک کے کروڑوں محنت کشوں کے سینے کی جلن ہے۔ میں ایک غریب انسان ہوں، میرا باپ بھی غریب تھا، اور میرا دادا بھی اپنی پوری زندگی بے بسی، کسمپرسی اور تنگ دستی کی لکیریں پیٹتے پیٹتے اس دنیا سے رخصت ہو گیا۔ نسل در نسل محنت اور مشقت کا یہ لامتناہی سلسلہ یہیں ختم نہیں ہوتا، بلکہ میری آنے والی اولاد اور پھر ان کی اولاد بھی اسی مشقت کی سنگین چکی میں پستی چلی جائیں گی۔ ہمارا اپنی دھرتی اور اپنے حکمرانوں سے یہ سیدھا اور روح کو جھنجھوڑنے والا سوال ہے کہ ہم تین تین نسلوں سے دن رات ایمانداری کے ساتھ خون پسینہ بہانے کے باوجود آج تک امیر ہونا تو دور کی بات، ایک پرسکون اور باوقار زندگی کیوں حاصل نہیں کر سکے؟ کیا اس ملک میں سچی محنت اور کامیابی کا رشتہ ہمیشہ کے لیے ٹوٹ چکا ہے؟ ہمارے آباؤ اجداد نے کھیتوں میں ہل چلائے، کارخانوں میں پسینہ بہایا، اینٹیں اور پتھر ڈھوئے اور اپنی جوانیوں کا ایندھن بنا کر اس ملک کی عمارت کھڑی کی۔ انہوں نے کبھی کسی کا حق نہیں مارا، کبھی چوری یا ڈکیتی نہیں کی، اور ہمیشہ پاکیزگی و حلال کے دائرے میں رہ کر مشقت کی۔ لیکن اس کے باوجود نسل در نسل غربت کا یہ بھیانک سایہ ہمارے ساتھ کیوں چپکا ہوا ہے؟ یہ اس بات کا کھلا ثبوت ہے کہ غلطی ہماری نیت یا ہماری محنت میں نہیں ہے، بلکہ غلطی اس نظام کی ساخت میں ہے جو غریب کے جسم سے پسینہ نچوڑ کر اشرافیہ کے محلوں کی کھڑکیوں کو روشن کرتا ہے۔ جب ہم اپنے اردگرد کے ماحول اور اس معاشی جکڑ بندی کا گہرائی سے جائزہ لیتے ہیں، تو اس نسلی غربت کی کئی تلخ اور خوفناک وجوہات سامنے آتی ہیں: کسی بھی باوقار معاشرے میں دکان اور عدالت، تجارت اور حکمرانی کو الگ رکھا جاتا ہے۔ مگر ہمارے ہاں المیہ یہ رہا کہ جن لوگوں نے پالیسیاں بنانی تھیں، وہ خود بڑے بڑے کارخانوں اور تجارتوں کے مالک نکلے۔ جب قانون بنانے والا خود تاجر ہو گا، تو وہ غریب عوام کی بھلائی کے لیے نہیں بلکہ اپنے منافع اور اپنی تجارتی سلطنت کو بچانے کے لیے فیصلے کرے گا۔ یہی وجہ ہے کہ ہمیشہ غریب کی محنت کی قیمت کم رکھی گئی اور سیٹھ کی تجارتی مراعات میں دن رات اضافہ کیا گیا۔ ہمارے ہاں کا ٹیکس نظام غریب دشمنی کی بدترین مثال ہے۔ جب ایک کلو آٹا، ایک لیٹر پیٹرول یا ایک کلو چینی پر یکساں ٹیکس لگایا جاتا ہے، تو اس کا سب سے بڑا تازیانہ غریب کی پیٹھ پر پڑتا ہے۔ وہ مزدور جو بمشکل ایک ہزار روپیہ دہاڑی کماتا ہے، اور وہ شخص جو لاکھوں کماتا ہے، دونوں ایک ہی جیسا ٹیکس دیتے ہیں۔ یہ ناانصافی غریب کی چھوٹی سی بچت کا امکان بھی ختم کر دیتی ہے اور اس کی آنے والی نسلوں کو غریبی کے پنجرے میں قید رکھتی ہے۔ ریاستی خزانے سے ترقی کے نام پر بڑی بڑی رعایتیں اور بھاری قرضے ہمیشہ ان لوگوں کو دیے گئے جو پہلے سے وسائل کے مالک تھے۔ مگر ان سہولتوں کے ثمرات کبھی نچلی سطح پر عام مزدور کی مزدوری میں اضافے کی صورت میں ظاہر نہ ہو سکے۔ کسان اپنی فصل کی لاگت کے لیے ترستا رہا، اور مل مالکان اس کی سستی فصل خرید کر امیر سے امیر تر ہوتے گئے۔ اس طرح دولت کا رخ صرف چند خاندانوں کی طرف موڑ دیا گیا۔ تعلیم اور صحت کسی بھی غریب کے لیے حالات بدلنے کی آخری امید ہوتے ہیں۔ مگر جب تعلیم اور علاج کو ایک بکاؤ مال بنا دیا جائے اور سرکاری سکولوں و ہسپتالوں کو خستہ حال کر دیا جائے، تو غریب کی کمر ٹوٹ جاتی ہے۔ غریب کا بچہ مہنگے سکولوں اور یونیورسٹیوں کی فیسیں ادا نہیں کر سکتا، جس کی وجہ سے وہ علم کے نور اور ترقی کی دوڑ سے محروم رہ جاتا ہے۔ یوں تعلیم جو غریبی کا خاتمہ کر سکتی تھی، خود طبقاتی تقسیم کا ذریعہ بن جاتی ہے اور غریب کا بچہ بڑا ہو کر دوبارہ غریب مزدور بننے پر مجبور ہوتا ہے۔ جب روپیہ روز بروز سستا اور مہنگائی بے قابو ہوتی ہے، تو غریب کی رات دن کی محنت کا پھل مہنگائی کا اژدہا نگل جاتا ہے۔ ہمارے دادا، ہمارے والد اور پھر ہماری اپنی نسل کا سب سے بڑا دکھ یہ ہے کہ ہم نے جتنی بھی محنت کی، مہنگائی نے ہماری معمولی بچت کو ختم کر دیا۔

ایران میں انڈوں کے ساتھ تصاویر بنانے کا نیا ٹرینڈ، آخر ماجرا کیا ہے؟

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) عام طور پر لوگ اپنی پسندیدہ شخصیات کے ساتھ تصویر بنوانا چاہتے ہیں لیکن ایران میں ان دنوں انڈے کے ساتھ تصاویر اور ویڈیوز بنانا سوشل میڈیا ٹرینڈ بن چکا ہے۔ اس دلچسپ ٹرینڈ کے پیچھے وجہ بھی اتنی ہی حیران کن ہے، ایران میں بڑھتی مہنگائی کے باعث روزمرہ استعمال کی عام چیز انڈا بھی کئی لوگوں کیلئے مہنگی خریداری بنتا جا رہا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق ایرانی صارفین سوشل میڈیا پر انڈوں

کے ساتھ تصاویر اور ویڈیوز شیئر کر رہے ہیں، جسے ملک میں بڑھتی قیمتوں کے خلاف ایک علامتی احتجاج کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔ رپورٹس کے مطابق تہران میں ایک انڈے کی قیمت اس وقت تقریباً 4600 سے 8000 تومان کے درمیان بتائی جا رہی ہے۔ صرف انڈے ہی نہیں بلکہ دیگر بنیادی اشیاء کی قیمتوں میں اضافے نے بھی ایرانی گھرانوں کے بجٹ کو متاثر کیا ہے، جبکہ ڈالر کی بڑھتی قدر نے معاشی دباؤ میں مزید اضافہ کیا ہے۔ مہنگائی کی شدت کا ذکر کرتے ہوئے ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر کے ایک مشیر نے حال ہی میں بچوں کے ڈائپر کی قیمت 8 لاکھ 60 ہزار تومان تک پہنچنے کی مثال بھی دی۔ ایسے میں سوشل میڈیا صارفین نے احتجاج کیلئے سنجیدہ نعروں کے بجائے طنز کا سہارا لیا اور انڈے کو ہی 'سلیبریٹی' بنا ڈالا۔

امریکا: لائبریری کو 132 سال قبل جاری کیا گیا میگزین لوٹا دیا گیا

نیو ہیمپشائر (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی ریاست نیو ہیمپشائر کی ایک لائبریری میں 132 سال قبل جاری کیا گیا ایک میگزین واپس کر دیا گیا۔ تاہم، اسے واپس کرنے والے شخص کو بھاری جرمانہ ادا نہیں کرنا پڑے گا۔ کانکرڈ پبلک لائبریری کے مطابق جان نامی ایک شخص حال ہی میں لائبریری آیا اور دی سینچری السٹریٹڈ منتھلی کا ستمبر 1894 کا شمارہ واپس کیا۔ جان نے لائبریرینز کو بتایا کہ یہ میگزین کئی برس سے اس کے گھر میں

موجود تھا۔ تاہم، اسے معلوم نہیں کہ یہ اس کے پاس کیسے پہنچا۔ جان نے بتایا کہ لائبریری کی جانب سے موجودہ عرصے میں اوورڈیو جرمانے منجمد کیے جانے کی خبر سننے کے بعد اس نے میگزین واپس کرنے کا فیصلہ کیا۔ لائبریری نے سوشل میڈیا پر مزاحیہ انداز میں کہا کہ خوش قسمتی سے جان کو 12 ہزار 55 ڈالر کا جرمانہ ادا نہیں کرنا پڑے گا جو میگزین کے 48 ہزار 220 دن تاخیر سے واپس کرنے پر بنتا تھا۔ لائبریری کے مطابق یہ تاریخی میگزین دوبارہ عام گردش میں شامل نہیں کیا جائے گا۔ البتہ، ممکن ہے کہ اسے عمارت کے کانکرڈ میں نمائش کے لیے رکھا جائے۔

امریکا: ایک ہی تاریخ کو پیدا ہونے والی ایک خاندان کی پانچ نسلیں

آئیووا (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا کے ایک خاندان نے پانچ نسلوں کے ایک ہی تاریخ کو پیدا ہونے کا گینیز ورلڈ ریکارڈ قائم کر دیا۔ ریاست آئیووا سے تعلق رکھنے والے فریڈ ہارلو اور ان کا خاندان ایک ہی دن پیدا ہونے والی سب سے زیادہ نسلوں کا عالمی ریکارڈ رکھتے ہیں۔ فیملی سفر پلان فریڈ ہارلو کی پیدائش 14 ستمبر کو ہوئی تھی اور اسی تاریخ کو ان کے دادا ولبر، والدہ ایڈی، بیٹی ایما بیل اور نواسے آرتھر کی بھی سالگرہ

ہے۔ فریڈ ہارلو نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جب آپ کے بچے ہوتے ہیں تو وہ ایک تحفہ ہوتے ہیں لیکن یہ واقعی ایک بہت منفرد تحفہ ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ خاندان ہمیشہ اس بات کو خاص سمجھتا تھا۔ تاہم، انہوں نے کبھی نہیں سوچا تھا کہ یہ انہیں عالمی ریکارڈ ہولڈر بنا دے گا۔ فیملیسفر پلانا ایما بیل نے بتایا کہ ان کے بیٹے کی پیدائش کے بعد خاندان نے اس منفرد ریکارڈ کی باضابطہ تصدیق کروانے کا فیصلہ کیا۔ اس سے قبل انہیں معلوم تھا کہ خاندان چار نسلوں کے ساتھ اس ریکارڈ کے برابر آ سکتا ہے لیکن 14 ستمبر 2025 کو ان کے دوسرے بچے کی پیدائش نے خاندان کو نیا ریکارڈ قائم کرنے میں کامیاب کر دیا۔ ایما کے مطابق ان کی دادی ہمیشہ کہا کرتی تھیں، 'تمہیں 14 ستمبر کو ایک بیٹا پیدا کرنا ہے۔' وہ بتاتی ہیں کہ ان کا پہلا بچہ مقررہ تاریخ سے پہلے پیدا ہو گیا تھا، اس لیے وہ اس بار پرعزم تھیں کہ بچہ عین مقررہ تاریخ کو پیدا ہو۔ آرتھر کی پیدائش واقعی 14 ستمبر کو ہوئی۔ ایما کا کہنا ہے کہ اگر ان کی دادی حیات ہوتیں تو انہیں اس کامیابی پر بے حد فخر ہوتا۔

تین سالہ بچی کا منفرد عالمی ریکارڈ، دنیا کے تمام ڈزنی پارکس دیکھ لیے

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا سے تعلق رکھنے والی 3 سالہ بوٹسی ڈیرنگٹن نے کم عمری میں ہی ایسا عالمی ریکارڈ قائم کر لیا جس نے دنیا بھر کی توجہ حاصل کر لی۔ ننھی بچی دنیا کے تمام 12 ڈزنی تھیم پارکس کا دورہ کرنے والی کم عمر ترین شخصیت بن گئی ہے۔ گنیز ورلڈ ریکارڈز کے مطابق بوٹسی نے یہ اعزاز 3 سال اور 139 دن کی عمر میں حاصل کیا۔ اس کا ڈزنی کا سفر 2024 میں جاپان کے 'ٹوکیو ڈزنی سی' سے شروع ہوا تھا،

جب وہ ابھی چلنے کے قابل بھی نہیں ہوئی تھی۔ دلچسپ کوئز کھیلیں تقریباً ڈھائی سال کے دوران بوٹسی نے ایشیا، یورپ اور امریکا میں موجود ڈزنی کے تمام 12 پارکس دیکھے۔ اس سفر میں اس کے والدین اور 5 سالہ بھائی بریگز بھی اس کے ساتھ رہے۔ اس منفرد سفر کا آخری پڑاؤ 14 ستمبر 2026 کو ڈزنی لینڈ پیرس بنا، جہاں گنیز ورلڈ ریکارڈز کے نمائندے ولیم سنڈن نے باضابطہ طور پر بوٹسی کے ریکارڈ کی تصدیق کی۔ یوں بوٹسی نے چار سال کی عمر کو پہنچنے سے پہلے ہی ڈزنی کی دنیا کے تمام 12 تھیم پارکس دیکھ کر ایک ایسا عالمی ریکارڈ اپنے نام کر لیا جو اس کی کم عمری کے باعث مزید غیر معمولی بن گیا ہے۔

بھارت: میکے سے گھر واپس نہ آنے پر شوہر نے بیوی کی ناک کاٹ دی

تلنگانہ (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارتی ریاست تلنگانہ میں میاں بیوی کے درمیان جھگڑے نے خوفناک رخ اختیار کر لیا، جہاں ایک شخص نے مبینہ طور پر بیوی کی ناک دانتوں سے کاٹ کر اسے شدید زخمی کر دیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق واقعہ ضلع منچیریال کے علاقے کوٹا پلی میں پیش آیا۔ متاثرہ خاتون ممتا اور ان کے شوہر منی چندر کے درمیان کچھ عرصے سے ازدواجی اختلافات چل رہے تھے، جس کے باعث خاتون تقریباً 10 روز قبل شوہر کا گھر چھوڑ کر اپنے والدین کے ہاں آ گئی تھیں۔ رپورٹس کے مطابق شوہر مسلسل انہیں واپس گھر آنے کا کہہ رہا تھا تاہم خاتون نے انکار کر دیا۔ واقعے کے روز ملزم اپنی اہلیہ کو واپس لے جانے کے لیے سسرال پہنچا جہاں اس کی خاتون کے والد سے تلخ کلامی ہو گئی۔ الزام ہے کہ اس نے پہلے اپنے سسر پر لکڑی کے ڈنڈے سے حملہ کر کے انہیں زخمی کر دیا۔ ممتا نے والد کو بچانے کی کوشش کی تو شوہر نے مبینہ طور پر ان پر بھی حملہ کر دیا اور ان کی ناک کو اتنی زور سے کاٹا کہ اس کا ایک حصہ الگ ہو گیا۔ پولیس کے مطابق شدید زخمی خاتون کو ابتدائی طبی امداد کے بعد مزید علاج کے لیے ایم جی ایم اسپتال ورنگل منتقل کر دیا گیا ہے اور ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے واقعے کی مزید تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں۔

اے آئی اسسٹنٹ کی براہ راست بینک اکاؤنٹس تک رسائی، اینتھروپک کا فیچر پر کام جاری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اے آئی ٹیکنالوجی کمپنی اینتھروپک سے متعلق ایک لیک میں اہم انکشاف سامنے آیا ہے کہ کمپنی اپنے اے آئی اسسٹنٹ کی براہ راست بینک اکاؤنٹس تک رسائی کے فیچر پر کام کر رہی ہے۔ لیک ہونے والے اسکرین شاٹس کے مطابق اینتھروپک اپنی کلاؤڈ ایپ کے ایک نئے ورژن کی آزمائش کر رہی ہے، جس میں اے آئی اسسٹنٹ کو صارفین کے بینک اکاؤنٹس تک براہ راست رسائی حاصل ہو گی۔ مبینہ طور پر کلاؤڈ منی نامی یہ پرسنل فنانس ٹول اُن صارفین کو اخراجات کا تجزیہ اور مالی منصوبہ بندی کی سہولت فراہم کرے گا جو اپنے بینک اکاؤنٹس ایپ سے منسلک کریں گے۔ یہ نیا فیچر سب سے پہلے سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر ٹیسٹنگ کیٹلاگ نے دریافت کیا۔ یہ فیچر آئی او ایس پر کلاؤڈ ایپ کے سائڈ بار میں 'چیٹ' ٹیب کے بالکل نیچے نظر آتا ہے۔ پوسٹ میں مزید بتایا گیا کہ کلاؤڈ کے ساتھ اپنے پیسوں کو سمجھیں۔ اپنے بینک اکاؤنٹس لنک کریں اور کلاؤڈ سے اخراجات، منصوبہ بندی اور دیگر امور کے بارے میں پوچھیں۔ ابھی یہ واضح نہیں کہ یہ فیچر کن بینکوں کو سپورٹ کرے گا یا اسے کب اور کن ممالک میں متعارف کرایا جائے گا، تاہم امکان ہے کہ ابتدا میں یہ صرف امریکی صارفین کے لیے دستیاب ہو۔

واٹس ایپ میں پرانے پیغامات کی تلاش آسان کرنے کا نیا فیچر شامل

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) واٹس ایپ نے طویل عرصے پرانے چیٹس میں مطلوبہ پیغام تلاش کرنے کی مشکل کم کرنے کی تیاری کر لی ہے۔ نئے فیچر کے تحت صارفین کو کسی پرانے پیغام تک پہنچنے کے لیے چیٹ کی معلومات والی اسکرین میں جانے کی ضرورت نہیں رہے گی۔ رپورٹ کے مطابق واٹس ایپ کے آئی او ایس بیٹا ورژن میں چیٹ کے اندر ہی سرچ شارٹ کٹ متعارف کرانے پر کام جاری ہے۔ اس تبدیلی کے بعد کسی پرانے پیغام کی تلاش براہ راست چیٹ اسکرین سے کی جا سکے گی۔ فی الحال کسی چیٹ میں موجود پرانے پیغام کو تلاش کرنے کے لیے صارف کو پہلے چیٹ چھوڑ کر چیٹ انفو اسکرین پر جانا پڑتا ہے، جہاں سرچ کا آپشن منتخب کر کے مطلوبہ مواد تلاش کیا جاتا ہے۔ اگرچہ یہ طریقہ کام کرتا ہے، لیکن طویل عرصے پرانی گفتگو میں کسی مخصوص پیغام تک پہنچنے کے لیے یہ عمل بعض صارفین کے لیے وقت طلب ثابت ہو سکتا ہے۔ نئے فیچر میں چیٹ اسکرین پر سرچ کا ایک شارٹ کٹ شامل کیا جائے گا۔ تاہم یہ بٹن ہر وقت نظر نہیں آئے گا بلکہ اس وقت ظاہر ہو گا جب صارف چیٹ میں اوپر کی جانب اسکرول کرتے ہوئے پرانے پیغامات تک پہنچے گا۔ بظاہر معمولی نظر آنے والی یہ تبدیلی طویل چیٹس استعمال کرنے والے صارفین کے لیے خاصی سہولت پیدا کر سکتی ہے، کیونکہ انہیں بار بار موجودہ طریقہ کار کے تحت چیٹ انفو میں جانے کی ضرورت نہیں رہے گی۔ یہ سہولت صرف چیٹس تک محدود نہیں رہے گی بلکہ واٹس ایپ چینلز میں بھی اس کا دائرہ بڑھایا جا رہا ہے۔

برطانیہ: نشے میں دھت نابینا ڈرائیور کو ڈیڑھ سال کی سزا

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) برطانیہ میں ایک نابینا شخص کو نشے کی حالت میں اپنے ساتھی کی گاڑی بغیر اجازت لے کر تقریباً 240 کلومیٹر گاڑی چلانے پر معطل قید کی سزا سنا دی گئی۔ ذرائع کے مطابق 50 سالہ

انتھونی ہال کے پاس ڈرائیونگ لائسنس بھی نہیں تھا۔ عدالت کو بتایا گیا کہ پولیس نے اسے 29 جون کی رات ایک بج کر 45 منٹ پر کارلائل کے قریب ایم 6 موٹروے پر روکا، جہاں وہ ووکس ہال میریوا کو کبھی ایک لین اور کبھی دوسری لین میں چلاتے ہوئے ہارڈ شولڈر تک لے جا رہا تھا۔ ہال نے پولیس کو بتایا کہ وہ ہڈرزفیلڈ میں اپنے گھر سے گاڑی چلا کر نکلا تھا اور اس سے قبل اس نے اپنے ساتھی کے ساتھ شراب کی چار بوتلیں پی تھیں۔ کرکلیز مجسٹریٹس کورٹ میں ہال نے خطرناک ڈرائیونگ سمیت تمام الزامات کا اعتراف کیا۔ عدالت نے اسے 36 ہفتے قید کی سزا سنائی۔ تاہم، یہ سزا 18 ماہ کے لیے معطل کر دی گئی۔ ہال نے شراب کے نشے میں ڈرائیونگ، لائسنس اور انشورنس کے بغیر گاڑی چلانے اور مالک کی اجازت کے بغیر گاڑی لے جانے کے الزامات بھی تسلیم کیے۔

گوگل کے اے آئی ماڈل نے تین کمپنیوں کو ہیک کر لیا

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) ٹیکنالوجی کمپنی گوگل کے جیمینائی اے آئی ماڈل نے سائبر سکیورٹی کی صلاحیتوں کے ایک ٹیسٹ کے دوران انٹرنیٹ پر دستیاب معلومات استعمال کرتے ہوئے تین ویب سائٹس

تک رسائی حاصل کر لی۔ یہ گوگل کے اے آئی سسٹم کی جانب سے مبینہ طور پر خودکار طور پر اس نوعیت کی کارروائی کرنے کی پہلی معروف مثال قرار دی جا رہی ہے۔ رپورٹ کے مطابق یہ واقعہ مئی میں آزاد سائبر سکیورٹی ادارے 'اررگولر' کی جانب سے کیے گئے ایک جائزے کے دوران پیش آیا۔ ٹیسٹ کے دوران جیمینائی نے آن لائن دستیاب معلومات تلاش کیں اور اندازے سے حاصل کی گئی کریڈینشلز کے ذریعے تین ویب سائٹس تک رسائی حاصل کی، جنہیں اس نے ٹیسٹ کے دائرہ کار میں سمجھا۔ گوگل کی سکیورٹی انجینئرنگ کی نائب صدر ہیدر ایڈکنز نے بتایا کہ تینوں اداروں کو اس واقعے سے آگاہ کر دیا گیا تھا اور ٹریننگ پارٹنر کے ساتھ مل کر ٹیسٹنگ کے طریقہ کار میں تبدیلیاں کی گئیں۔ ان کے مطابق یہ واقعہ اس بات کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے کہ طاقتور اے آئی ماڈلز کو ذمہ دارانہ انداز میں کام کرنے کی تربیت دی جائے۔ اررگولر کے ترجمان نے کہا کہ یہ مسئلہ دیگر اے آئی لیبارٹریز کو درپیش مسئلے سے ملتا جلتا تھا جبکہ متعلقہ اداروں کو جولائی کے آخر میں آگاہ کر دیا گیا تھا۔ ترجمان کے مطابق ان کی جانب سے معلوم تمام مسائل کو چند ہفتے قبل حل کر دیا گیا تھا۔

27 منٹ پرواز اور 5 ڈالر خرچ، نیویارک میں ای جہاز کی اڑان نے سب کو حیران کر دیا

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) پٹرول و ڈیزل کے ساتھ ساتھ جیٹ فیول کی مسلسل بڑھتی قیمت عالمی جہاز ساز کمپنیوں کو مجبور کر رہی کہ وہ بجلی سے چلتے مسافر بردار ہوائی جہاز ایجاد کرنے کی سعی کریں۔ اسی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک امریکی کمپنی، ہارٹ ایرواسپیس نے 30 نشستوں والا "X1" نامی ہوائی جہاز ایجاد کر لیا۔ یہ 76 فٹ لمبا اور 25 ہزار پونڈ وزنی ہے۔ حال ہی میں نیویارک میں اس کی پہلی اڑان کامیابی سے انجام پائی۔ یہ پرواز گیارہ سو فٹ کی بلندی پر صرف بیٹری پاور کی مدد سے 27 منٹ جاری رہی۔ اس دوران بجلی کا خرچ صرف "5 ڈالر" رہا جو روایتی جیٹ فیول کے مقابلے میں حیران کن حد تک انتہائی کم ہے۔

دنیا کے مختلف ممالک کا کرنسی ریٹ

Currency	Symbol	Buying	Selling
U.S. Dollar	USD	278.95 PKR	279.15 PKR
Euro	EUR	321.04 PKR	324.40 PKR
British Pound	GBP	376.31 PKR	379.15 PKR
UAE Dirham	AED	76.30 PKR	77.00 PKR
Saudi Riyal	SAR	74.65 PKR	75.30 PKR
Kuwaiti Dinar	KWD	890.02 PKR	900.95 PKR
Canadian Dollar	CAD	197.72 PKR	201.65 PKR
Australian Dollar	AUD	194.48 PKR	205.17 PKR
Omani Riyal	OMR	725.81 PKR	735.65 PKR
Japanese Yen	JPY	1.71 PKR	1.81 PKR
Malaysian Ringgit	MYR	67.00 PKR	68.05 PKR
Qatari Riyal	QAR	75.45 PKR	76.47 PKR
Bahrain Dinar	BHD	741.05 PKR	751.95 PKR
Thai Bhat	THB	8.55 PKR	8.80 PKR
Chinese Yuan	CNY	38.05 PKR	38.80 PKR
Hong Kong Dollar	HKD	35.24 PKR	36.25 PKR
Danish Krone	DKK	42.56 PKR	43.25 PKR
New Zealand Dollar	NZD	161.20 PKR	163.75 PKR
Singapore Dollar	SGD	214.85 PKR	217.85 PKR
Norwegians Krone	NOK	27.99 PKR	28.29 PKR
Swedish Krona	SEK	28.25 PKR	28.90 PKR
Swiss Franc	CHF	343.59 PKR	348.25 PKR
Indian Rupee	INR	2.75 PKR	3.20 PKR

مختلف قیراط کے سونے کے نرخ

Gold Purity	Per Tola	Per 10 Gram
24k	Rs. 424,500	Rs. 363,950
22k	Rs. 389,123	Rs. 333,618
21k	Rs. 371,440	Rs. 318,457
20k	Rs. 353,843	Rs. 303,370
18k	Rs. 318,376	Rs. 272,963
14k	Rs. 247,635	Rs. 212,312

پاکستان کے مختلف شہروں میں چاندی کا ریٹ

Location	10 Grams	1 Tola
Pakistan	Rs. 5,808	Rs. 6,767
Karachi	Rs. 5,808	Rs. 6,767
Lahore	Rs. 5,808	Rs. 6,767
Islamabad	Rs. 5,808	Rs. 6,767
Rawalpindi	Rs. 5,808	Rs. 6,767
Peshawar	Rs. 5,808	Rs. 6,767

پاکستان میں CNG کے ریٹ

Product	Retail Price
CNG Region-I (Khyber Pukhtunkhwa, Baluchistan, Potohar region; Islamabad, Rawalpindi and Gujar Khan)	Rs. 0 /Kg
CNG Region-II (Sindh and Punjab excluding Potohar region)	Rs. 0 /Kg

پاکستان پیٹرول کے نرخ

Type	Price
Premium (Super)	Rs. 310.71 /Ltr
High Speed Diesel	Rs. 323.3 /Ltr
Light Speed Diesel	Rs. 199.98 /Ltr
Kerosene Oil	Rs. 233.71 /Ltr

PSX INDEX

KSE 100	NERGY 9.81 ^ 0.19 KEL 7.35 v -0.24 LOTCHEM 29.11 v -1.32 BOP 33.68 v -0.51 TPLRF
KSE ALL SHARE	CNERGY 9.81 ^ 0.19 TPLP 12.1 v -0.67 PRL 44.59 ^ 2.94 WTL 1.23 v -0.04 KEL 7.35
KSE 30	o Data Found. No Data Found. No Data Found. No Data Found. No Data Found.
KMI30	o Data Found. No Data Found. No Data Found. No Data Found. No Data Found.
ALL SHARE ISLAMIC	NERGY 9.81 ^ 0.19 PRL 44.59 ^ 2.94 KEL 7.35 v -0.24 LOTCHEM 29.11 v -1.32 TPLRF1
BATI	OP 33.68 v -0.51 NBP 204.35 v -4.44 BAFL 56.74 v -0.95 UBL 465.98 v -4.25 HBL 304.

بقیہ 1 تجارت نیوز

ہزار ڈالر تھیں۔ماہانہ بنیاد پر اگست 2026 میں موبائل فون کی درآمدات 4.80 فیصد کم ہوئیں، جبکہ جولائی 2026 میں یہ 14 کروڑ 4 لاکھ 34 ہزار ڈالر تھیں۔اس کے برعکس زیر جائزہ مدت کے دوران پاکستان میں ٹیلی کام انفراسٹرکچر کی طلب نسبتاً مضبوط رہی،جس کے باعث ٹیلی کام آلات کی درآمدات جولائی تا اگست 2026 میں 8.95 فیصد بڑھ کر 43 کروڑ 20 لاکھ 44 ہزار ڈالر ہوگئیں، جبکہ گزشتہ سال کی اسی مدت میں یہ 39 کروڑ 55 لاکھ 36 ہزار ڈالر تھیں۔روپے کی قدر میں رواں مالی سال کے پہلے دو ماہ کے دوران ٹیلی کام آلات کی درآمدات 6.95 فیصد بڑھ کر 1202.11 ارب روپے ہوگئیں،جبکہ گزشتہ سال کی اسی مدت میں یہ 1123.98 ارب روپے تھیں۔ٹیلی کام آلات کی درآمدات میں اضافہ ملک کے ٹیلی کام انفراسٹرکچر میں مسلسل سرمایہ کاری کے دوران ہوا ہے،جس میں نیٹ ورک کی توسیع اور نئی نسل کی موبائل خدمات کے اجرا کی تیاری بھی شامل ہے تاہم سالانہ بنیاد پر اگست 2026 میں ٹیلی کام آلات کی درآمدات 3.42 فیصد کم ہوکر 19 کروڑ 72 لاکھ 69 ہزار ڈالر رہیں، جو اگست 2025 میں 20 کروڑ 42 لاکھ 63 ہزار ڈالر تھیں۔ماہانہ بنیاد پر اگست 2026 میں ٹیلی کام آلات کی درآمدات 15.98 فیصد کم ہوئیں،جبکہ جولائی 2026 میں یہ 23 کروڑ 47 لاکھ 75 ہزار ڈالر تھیں۔درآمدات کے ان متضاد رجحانات سے ظاہر ہوتا ہے کہ ٹیلی کام سے متعلق درآمدات کی ساخت میں تبدیلی آ رہی ہے، جہاں انفراسٹرکچر اور نیٹ ورک کے آلات بدستور درآمدی طلب پیدا کر رہے ہیں جبکہ مالی سال کے پہلے دو ماہ کے دوران موبائل فون ہینڈ سیٹس کی درآمدات نسبتاً کم رہیں۔

بقیہ 2 تجارت نیوز

جام، جیلی، مارملیڈ، کیچپ اور دیگر چٹنیاں، پروسیس شدہ تمباکو کے علاوہ دیگر تمباکو، چائے، کوکو اور کافی، کھانے کے قابل نباتاتی تیل اور تمام دیگر سبزیوں اور پھلوں کو بھی جلدی خراب ہونے والی اشیاء کی فہرست میں برقرار رکھا گیا ہے،تاکہ اس کی کلیئرنس اور ویئر ہاؤسنگ سے متعلق امور کو قواعد کے مطابق سنبھالا جا سکے۔ایف بی آر کی جانب سے نوٹیفکیشن میں ایک اہم استثنیٰ بھی شامل کیا گیا ہے جس کے مطابق کین، بوتل یا ڈبوں میں بند ایسی تمام اشیاء خوردونوش جن پر تیاری کی تاریخ اور ایکسپائری ڈیٹ درج ہوگی، انہیں ویئر ہاؤسنگ سرچارج کے مقاصد کے لیے جلدی خراب ہونے والی اشیاء شمار نہیں کیا جائے گا۔تاہم اس سہولت کے لیے شرط عائد کی گئی ہے کہ ان اشیاء کو کسٹمز بانڈڈ ویئر ہاؤسز میں مینوفیکچرر کی ہدایت کے مطابق رکھا جائے گا اور درآمد کنندہ یا کلیئرنگ ایجنٹ ان ٹو بانڈ گڈز ڈیکلریشن فائل کرتے وقت یہ سرٹیفکیٹ پورٹل پر اپ لوڈ کرنے کا پابند ہوگا جبکہ ویئر ہاؤس کا لائسنس ہولڈر طے شدہ فارمیٹ پر یہ سرٹیفکیٹ پورٹل پر اپ لوڈ کرے گا کہ اس کے پاس ان اشیاء کو محفوظ رکھنے کے تمام تر جدید آلات اور سہولیات موجود ہیں۔ایف بی آر نے چیف کلکٹر ساؤتھ اپریزمنٹ کو ہدایت کی ہے کہ نظام میں ضروری تبدیلیوں کے لیے پی ایس ڈبلیو اور ویبوک کی ٹیموں سے فوری رابطہ کیا جائے جبکہ اس نئے ایس آر او کا باقاعدہ اطلاق 15 اکتوبر 2026 سے ہوگا۔

بقیہ 3 تجارت نیوز

پر قیمتوں کے تعین اور مارکیٹ کی تقسیم کے لیے الگ الگ 3 کروڑ روپے جرمانے عائد کیے گئے۔یہ معاملہ سی سی پی کی مارکیٹ نگرانی کے دوران سامنے آیا،جس میں کراچی کی بندرگاہوں سے ملک بھر میں مختلف مقامات تک خوردنی تیل، گھی اور بناسپتی چربی کی ترسیل کے نرخ مقرر کرنے والے سرکلرز کا پتا چلا۔کمیشن نے اگست 2024 میں ازخود انکوائری شروع کی اور فروری 2025 میں تلاشی اور معائنہ کیا۔سی سی پی کے مطابق تلاشی کے دوران ملنے والے شواہد سے ظاہر ہوا کہ اے پی ای او ٹی او اے نے 2019 سے 2025 کے دوران نقل وحمل کے نرخوں میں 89 مرتبہ ردوبدل کیا، جن میں 52 مرتبہ اضافہ اور 37 مرتبہ کمی کی گئی۔نرخوں میں ہونے والی یکساں تبدیلیوں سے متعلق سرکلرز پاکستان وناسپتی مینوفیکچررز ایسوسی ایشن (پی وی ایم اے) کی جانب سے جاری کیے گئے۔کمیشن نے کہا کہ اے پی ای او ٹی او اے کے نمائندوں نے بھی تسلیم کیا کہ نقل وحمل کے نرخ دونوں انجمنوں کے درمیان طے پانے والے معاہدے کے تحت مقرر کیے جاتے تھے۔سی سی پی نے اے پی ای او ٹی او اے کا یہ مؤقف مسترد کردیا کہ اس کے نرخوں سے متعلق سرکلرز محض مشاورتی نوعیت کے تھے۔کمیشن نے قرار دیا کہ کسی تجارتی انجمن کی جانب سے غیر پابند سفارشات بھی مسابقت کو محدود کرسکتی ہیں،اگر وہ ارکان کے آزادانہ تجارتی فیصلوں پر اثر انداز ہوں۔کمیشن نے پی وی ایم اے کیس میں سپریم کورٹ کے فیصلے کا بھی حوالہ دیا، جس کے تحت حریف کاروباری اداروں کو اپنی قیمتیں آزادانہ طور پر طے کرنے کی آزادی برقرار رکھنا ضروری ہے۔کمیشن نے الگ سے یہ بھی قرار دیا کہ اے پی ای او ٹی او اے کے قطار کے نظام کے ذریعے کاروبار کے حصول میں آزادانہ مسابقت کی اجازت دینے کے بجائے ٹینکر مالکان کے درمیان ترسیلی کھیپیں تقسیم کی جاتی تھیں۔ایسوسی ایشن کھیپیں اٹھانے کے لیے ''پرچیاں'' جاری کرتی اور اس نظام پر عمل درآمد یقینی بناتی تھی۔سی سی پی کے مطابق ستمبر 2023 کے ایک سرکلر میں مختص شرائط کی خلاف ورزی پر ہر ٹینکر اور اس کے مالک پر 5 لاکھ روپے جرمانہ مقرر کیا گیا تھا۔کمیشن نے متعلقہ مارکیٹ کو پاکستان بھر میں خوردنی تیل، گھی اور بناسپتی چربی کی سڑک کے ذریعے نقل وحمل کی خدمات قرار دیا۔جرمانے کی رقم طے کرتے ہوئے کمیشن نے اے پی ای او ٹی او اے کی مارکیٹ میں نمایاں حیثیت، تقریباً 6 سال تک قیمتوں کے تعین سے متعلق سرگرمیوں کے جاری رہنے، اعلیٰ انتظامیہ کی شمولیت اور کارروائی شروع ہونے کے بعد بھی نرخوں میں ردوبدل جاری رکھنے جیسے عوامل کو مدنظر رکھا۔اے پی ای او ٹی او اے کو فوری طور پر مسابقت مخالف طریقہ کار ختم کرنے، پہلے سے جاری نرخوں کے سرکلرز واپس لینے اور مارکیٹ کی تقسیم کا باعث بننے والے قطار کے نظام کو ختم کرنے کی بھی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 4 تجارت نیوز

درخواست کے منظور ہونے کی صورت میں بجلی کی قیمت میں 1 روپے 73 پیسے فی یونٹ اضافہ ہوسکتا ہے۔سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی (سی پی پی اے) کی جانب سے دائر درخواست پر نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) 29 ستمبر کو سماعت کرے گی۔اس مجوزہ اضافے کا اطلاق کے الیکٹرک کے صارفین پر بھی ہونے کا امکان ہے۔سی پی پی اے کے مطابق اگست میں ڈسکوز کو 14 ارب 46 کروڑ 40 لاکھ یونٹس بجلی فراہم کی گئی،جبکہ ڈسکوز کو فراہم کی جانے والی بجلی کی لاگت 8 روپے 82 پیسے فی یونٹ رہی۔اگست میں پانی سے 37.84 فیصد بجلی پیدا کی گئی ہے۔سی پی پی اے کے مطابق مقامی کوئلے سے 10.88 فیصد جبکہ درآمدی کوئلے سے 15.59 فیصد بجلی پیدا ہوئی۔اعداد وشمار کے مطابق اگست میں فرنس آئل سے 2.15 فیصد بجلی پیدا کی گئی، جبکہ مقامی گیس سے بجلی کی پیداوار کا حصہ 7.04 فیصد اور درآمدی ایل این جی سے 8.48 فیصد رہا۔سی پی پی اے کے مطابق فرنس آئل سے بجلی کی پیداواری لاگت 45.25 روپے فی یونٹ جبکہ درآمدی ایل این جی سے بجلی کی پیداواری لاگت 45.92 روپے فی یونٹ رہی۔

بقیہ 5 تجارت نیوز

ٹیکسٹائل برآمدات 3.379 ارب ڈالر رہیں جبکہ جولائی تا اگست 2025-26 کے دوران یہ 3.202 ارب ڈالر تھیں۔تجارتی نمو میں جن ٹیکسٹائل مصنوعات نے نمایاں کردار ادا کیا ان میں سوتی دھاگا شامل ہے جس کی برآمدات 34.80 فیصد اضافے کے بعد 119.195 ملین ڈالر سے بڑھ کر 160.679 ملین ڈالر ہوگئیں جبکہ نٹ ویئر کی برآمدات 4.79 فیصد اضافے کے بعد 958.634 ملین ڈالر سے بڑھ کر 1.004 ارب ڈالر ہوگئیں۔دیگر ٹیکسٹائل مصنوعات جن کی تجارت میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ان میں تولیے شامل ہیں جن کی برآمدات 6.74 فیصد اضافے سے 179.063 ملین ڈالر سے بڑھ کر 191.135 ملین ڈالر ہوگئیں۔ریڈی میڈ گارمنٹس کی برآمدات 13.59 فیصد اضافے سے 728.088 ملین ڈالر کے مقابلے میں 827.001 ملین ڈالر ہوگئیں جبکہ میڈ اپ آرٹیکلز (تولیوں اور بیڈ ویئر کے علاوہ) کی برآمدات 6.95 فیصد بڑھ کر 136.540 ملین ڈالر سے 146.032 ملین ڈالر ہوگئیں۔دیگر ٹیکسٹائل مصنوعات کی برآمدات بھی 3.91 فیصد اضافے سے 128.140 ملین ڈالر سے بڑھ کر 133.153 ملین ڈالر ہوگئیں۔جن ٹیکسٹائل مصنوعات کی برآمدات میں منفی نمو ریکارڈ کی گئی ان میں سوتی کپڑا شامل ہے۔جس کی برآمدات 7.66 فیصد کمی سے 299.180 ملین ڈالر سے گھٹ کر 276.255 ملین ڈالر ہوگئیں۔اسی طرح سوتی دھاگے کے علاوہ دیگر دھاگے کی برآمدات بھی 31.78 فیصد کم ہوکر 5.938 ملین ڈالر سے 4.051 ملین ڈالر رہ گئیں۔اسی طرح بیڈ ویئر کی برآمدات میں بھی کمی ریکارڈ کی گئی اور یہ 0.31 فیصد گھٹ کر 565.322 ملین ڈالر سے 563.545 ملین ڈالر رہ گئیں۔خیموں، کینوس اور ترپال کی برآمدات 7.17 فیصد کمی سے 16.026 ملین ڈالر سے گھٹ کر 14.877 ملین ڈالر ہوگئیں جبکہ آرٹ، سلک اور مصنوعی ٹیکسٹائل کی برآمدات میں 11.33 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی اور یہ 66.131 ملین ڈالر سے کم ہوکر 58.638 ملین ڈالر رہ گئیں۔اعداد وشمار کے مطابق سالانہ بنیاد پر اگست 2026 میں ٹیکسٹائل برآمدات میں گزشتہ سال کے اسی ماہ کے مقابلے میں 2.77 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔اگست 2026 میں ٹیکسٹائل برآمدات 1.565 ارب ڈالر رہیں جبکہ اگست 2025 میں یہ 1.523 ارب ڈالر تھیں۔ماہانہ بنیاد پر اگست 2026 میں ٹیکسٹائل برآمدات میں 13.68 فیصد کمی ہوئی۔اگست میں برآمدات 1.565 ارب ڈالر رہیں جو جولائی 2026 میں 1.814 ارب ڈالر تھیں، پی بی ایس کے اعداد وشمار کے مطابق اگست 2026 میں مجموعی برآمدات 2.542 ارب ڈالر رہیں جبکہ جولائی 2026 میں یہ 2.951 ارب ڈالر تھیں، جس سے جولائی کے مقابلے میں 13.86 فیصد کمی ظاہر ہوتی ہے۔تاہم اگست 2025 میں 2.416 ارب ڈالر کے مقابلے میں برآمدات میں 5.22 فیصد اضافہ ہوا۔جولائی تا اگست 2026 کے دوران ملک کی مجموعی برآمدات 5.494 ارب ڈالر ریکارڈ کی گئیں جبکہ گزشتہ سال کے اسی عرصے میں یہ 5.1 ارب ڈالر تھیں، یوں برآمدات میں 7.73 فیصد اضافہ ہوا۔اگست 2026 میں مجموعی درآمدات 5.848 ارب ڈالر (عارضی) رہیں جبکہ جولائی 2026 میں یہ 6.898 ارب ڈالر تھیں، جس کے مقابلے میں 15.22 فیصد کمی ہوئی۔تاہم اگست 2025 کی 5.288 ارب ڈالر کی درآمدات کے مقابلے میں 10.59 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔جولائی تا اگست 2026 کے دوران درآمدات 12.745 ارب ڈالر (عارضی) تک پہنچ گئیں جبکہ گزشتہ سال کے اسی عرصے میں یہ 11.125 ارب ڈالر تھیں،اس طرح درآمدات میں 14.56 فیصد اضافہ ہوا۔

بقیہ 6 تجارت نیوز

تارا نامی میٹھی سپاری تیار کرنے والے کارخانے کے مالکان جاوید اور سلمان کو ملک اور معیشت دشمن بین الاقوامی اسمگلروں عصمت اللہ پٹھان، حاجی براق خان، نعیم خان سمیت دیگر کی جانب سے ہر برس مجموعی طور پر سینکڑوں ٹن اسمگل چھالیہ فراہم کی جاتی ہے،جس سے حب کے علاقے میں تیار کی جانے والی سیون اپ اور تارا نامی میٹھی سپاری کو مختلف طریقوں سے پاکستان کے سب سے بڑے شہر کراچی سمیت ملک بھر میں سپلائی کیا جاتا ہے،اس صورتحال کے باعث قومی خزانے کو بھاری خسارے کا سامنا ہے،اس ضمن میں کسٹم ذرائع نے تجارت نیوز کو بتایا کہ اسمگل چھالیہ سے سیون اپ اور تارا نامی میٹھی سپاری تیار کرنے والے قومی مجرموں جاوید اور سلمان سمیت ان کے مرکزی سہولت کار اسمگلروں عصمت اللہ پٹھان، حاجی براق خان، نعیم خان اور دیگر کے خلاف تحقیقات کا دائرہ انتہائی اعلیٰ سطح تک وسیع کیا جا رہا ہے، جس میں سرفہرست معاملہ جاوید اور سلمان کی جانب سے گزشتہ چند برسوں کے دوران کسٹم کے ایک سابق چیف کلکٹر کو اس گورکھ دھندے کی سہولت کاری کے عوض کروڑوں روپے بطور رشوت دیے جانے سے متعلق ہے،جس کی تحقیقات کے لیے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کا حتمی فیصلہ کرلیا گیا ہے اور اس ضمن میں نتیجہ خیز کارروائی کو یقینی بنانے کے لیے اس اہم ترین اور حساس معاملے کی مزید تحقیقات نیب یا ایف آئی اے کو منتقل کیے جانے کا امکان ہے، واضح رہے کے تجارت نیوز کی جانب سے اس ملک اور معیشت دشمن منظم نیٹ ورک کی نشاندہی کئی ماہ قبل ہی کردی گئی تھی اور مذکورہ ملزمان کی مذموم سرگرمیوں سے متعلق مزید سنسنی خیز انکشافات پر مبنی مفصل رپورٹ بہت جلد تجارت نیوز میں شائع کی جائے گی۔

بقیہ 7 تجارت نیوز

کے طور پر استعمال کرنا شروع کر دیا ہے، جو کے قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے، واضح رہے کے یہ عمارت گزشتہ برس دسمبر میں ETPB اور وفاقی تحقیقاتی ادارے ایف آئی اے، کی مشترکہ کارروائی کے دوران سیل کی گئی تھی۔اس وقت ETPB نے مؤقف اختیار کیا تھا کہ یہ عمارت وفاقی اوقافی/ متروکہ ٹرسٹ پراپرٹی ہے۔جس کے بعد کراچی کاٹن ایسوسی ایشن اور دیگر درخواست گزاروں نے ETPB کے چیئرمین قمر الزمان، ETPB کراچی کے ایڈمنسٹریٹر وزونل ہیڈ آصف خان اور ڈپٹی ایڈمنسٹریٹر شاہد علی کے خلاف توہین عدالت کی کارروائی کی درخواستیں دائر کی تھیں۔درخواست گزاروں کا مؤقف تھا کہ سندھ ہائیکورٹ نے 18 جون کے اپنے فیصلے میں واضح ہدایات دی تھیں، لیکن ETPB حکام نے ان پر عمل نہیں کیا اور عمارت درخواست گزاروں کے حوالے نہیں کی گئی۔اطلاعات کے مطابق عدالت نے پہلے عمارت کی ملکیت کا تنازع ETPB کے چیئرمین کو بھیجا تھا اور ہدایت کی تھی کہ وہ تمام متعلقہ فریقین کو اپنا مؤقف پیش کرنے کا مناسب موقع دے کر 90 دن کے اندر فیصلہ کریں۔ساتھ ہی عدالت نے KCA کو اجازت دی تھی کہ ملکیت کا حتمی فیصلہ ہونے تک وہ عمارت ان کے قبضے اور استعمال میں رہے۔اطلاعات کے مطابق گزشتہ سماعت پر ETPB نے عدالت کو بتایا کہ اس کے چیئرمین نے 30 جولائی کو عمارت کی ملکیت کا فیصلہ کرتے ہوئے اسے وفاقی متروکہ ٹرسٹ پراپرٹی قرار دے دیا ہے۔ایویکیو ٹرسٹ پراپرٹی بورڈ کے وکیل نے عدالت میں مؤقف اختیار کیا کہ چونکہ چیئرمین نے عدالت کی ہدایت کے مطابق ملکیت کا فیصلہ کر دیا ہے، اس لیے توہین عدالت کی درخواستیں قابلِ سماعت نہیں رہتیں۔انہوں نے یہ بھی کہا کہ اخبارات میں عوامی نوٹس شائع کیا گیا تھا اور متعلقہ فریقین کو سماعت کے نوٹس بھی دیے گئے تھے۔دوسری جانب کراچی کاٹن ایسوسی ایشن کے وکلاء نے عدالت کو بتایا کہ عمارت کے اندر جائیداد سے متعلق اہم دستاویزات موجود ہیں، لیکن اس کے باوجود عمارت کو نہ تو ڈی سیل کیا گیا اور نہ ہی درخواست گزاروں کے حوالے کیا گیا، حالانکہ سندھ ہائیکورٹ اس حوالے سے واضح احکامات دے چکی تھی۔قابل ذکر بات ہے کے دورکنی آئینی بینچ،جس کی سربراہی جسٹس محمد سلیم جسر کر رہے تھے، نے ETPB کے مؤقف سے اتفاق نہیں کیا اور عدالت نے قرار دیا کہ پہلے حکم میں واضح طور پر کہا گیا تھا کہ درخواست گزار عمارت کا قبضہ برقرار رکھیں گے،لیکن اس کے برعکس ETPB حکام نے عدالت کے حکم پر عمل کیے بغیر عمارت کو متروکہ ٹرسٹ پراپرٹی قرار دے دیا۔عدالت کے مطابق یہ اقدام عدالتی حکم کی واضح خلاف ورزی ہے اور آئین پاکستان کے آرٹیکل 204 کے تحت توہین عدالت کے جرم کے زمرے میں آ سکتا ہے۔آخر میں عدالت نے کہا کہ وہ ETPB کے حکام کے مؤقف سے مطمئن نہیں ہے، لہٰذا متعلقہ حکام کو عمارت کی سیل کھولنے اور اگلی سماعت سے قبل ReportCompliance جمع کرانے کا حکم دیا جاتا ہے۔تاہم ایویکیو ٹرسٹ پراپرٹی بورڈ کے حکام سندھ ہائیکورٹ کی جانب سے جاری سخت احکامات کو مسلسل نظر انداز کر رہے ہیں،جس کے باعث کراچی کے صنعتکار، درآمد و برآمد کنندگان اور تاجر شدید بے چینی اور عدم تحفظ کا شکار ہیں، جنھوں نے وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف سے اس اہم ترین معاملے کا فوری نوٹس لینے کی اپیل کی ہے، اطلاعات کے مطابق کراچی کاٹن ایسوسی ایشن کی عمارت میں اکبر باشوانی، سفائر گروپ، دادا سنز سمیت چاول کے بین الاقوامی ایکسپورٹرز اور بڑے کاٹن بروکرز کے دفاتر موجود ہیں،جن کی بندش سے انھیں ہر ماہ بھاری خسارے کا سامنا ہے تو دوسری جانب قومی خزانے کو بھی ٹیکسز کی مد میں مجموعی طور پر اربوں روپے کا نقصان ہو رہا ہے،یاد رہے کے کراچی کاٹن ایسوسی ایشن نے ان الزامات کو مسترد کرتے ہوئے موقف اختیار کیا تھا کے یہ عمارت متروکہ پراپرٹی نہیں ہے بلکہ اس کے لیے اراضی سنہ 1936 میں باقاعدہ رجسٹرڈ دستاویز کے ذریعے خریدی گئی تھی اور کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن نے اسے 99 سالہ لیز پر دے رکھا ہے، جو سنہ 2081 تک مؤثر ہے۔اس تنازع میں ایک غیر معمولی پہلو اس وقت سامنے آیا جب کراچی کے میئر نے کھل کر کراچی کاٹن ایسوسی ایشن کے مؤقف کی حمایت کی۔مرتضیٰ وہاب کے مطابق عمارت کی ملکیت کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن کے پاس ہے اور وفاقی اداروں کی کارروائی بلاجواز ہے۔یہ صورت حال اس بڑے سوال کو جنم دیتی ہے کہ جب کسی جائیداد پر وفاق اور بلدیاتی ادارے آمنے سامنے ہوں تو فیصلہ کس فورم پر ہونا چاہیے؟

بقیہ 8 تجارت نیوز

بھی دے دی گئی ہے۔نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی زیر صدارت وزیر اعظم کی خصوصی ریلیف اسکیم پر عمل درآمد کا جائزہ لینے کے لیے قومی اسٹیئرنگ کمیٹی برائے فیول سبسڈی کا اجلاس ہوا، جس میں بتایا گیا کہ ملک بھر میں بیشتر پٹرول پمپس فیول سبسڈی اسکیم کے سسٹم پر فعال اور شہری فیول ٹوکن استعمال کررہے ہیں۔اجلاس میں بتایا گیا کہ فیول سبسڈی اسکیم کے لیے ملک بھر میں 9771 پر ایس ایم ایس کے ذریعے رجسٹریشن جاری ہے، انٹرنیٹ سے محروم علاقوں کے پٹرول پمپس پر ایس ایم ایس کے ذریعے فیول ٹوکن کیش کرانے کی منظوری دی گئی۔نائب وزیر اعظم نے آزاد کشمیر، گلگت بلتستان اور صوبوں کو انٹرنیٹ سے محروم پٹرول پمپس کی فہرستیں فوری فراہم کرنے کی ہدایت کردی۔اسٹیٹ بینک کی جانب سے بتایا گیا کہ گزشتہ تین روز میں موصول تمام ادائیگیوں کے دعوے مکمل طور پر نمٹا دیے گئے ہیں، روزانہ موصول ہونے والی ادائیگیوں کے دعووں پر اسی روز کارروائی کی گئی، اسحاق ڈار نے بتایا کہ ہر فعال اور کھلے پٹرول پمپ کو فیول سبسڈی اسکیم کے سسٹم میں شامل کیا جائے اور مستقل بند پٹرول پمپس اور صرف ڈیزل فروخت کرنے والے پمپس کی نشان دہی کرکے فہرست سے خارج کرنے کی ہدایت کی۔انہوں نے کہا کہ ریلیف اسکیم کی کوریج زمینی صورت حال کے عین مطابق ہونی چاہیے، صوبائی انتظامیہ کی کاوشوں اور اسٹیٹ بینک کے تعاون کو سراہتے ہیں، ریلیف بلا رکاوٹ مستحق افراد تک پہنچنا چاہیے۔اجلاس میں وزیر پیٹرولیم، وزیر اقتصادی امور، وزیر اطلاعات ونشریات، وزیر آئی ٹی اور ٹیلی کمیونیکیشن سمیت اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 9 تجارت نیوز

برآمدی حجم 30 ارب 80 کروڑ ڈالر رہا۔اعداد وشمار کے مطابق مالی سال 2025-26 میں پاکستان کی مجموعی برآمدات 32 ارب ڈالر سے کم ہوکر 30 ارب 80 کروڑ ڈالر رہ گئیں۔چاول کی برآمدات میں سب سے زیادہ ایک ارب 2 کروڑ ڈالر کی کمی ریکارڈ کی گئی۔اس کے علاوہ ٹیکسٹائل، چینی اور دیگر زرعی مصنوعات کی برآمدات بھی متاثر ہوئی ہیں۔اس کے ساتھ ساتھ خلیجی ممالک کو پاکستانی برآمدات میں 10 کروڑ ڈالر کی کمی ریکارڈ کی گئی، جبکہ وسطی ایشیا اور افغانستان کے لیے برآمدات میں 59 فیصد تک کمی سامنے آئی، حکام کے مطابق خطے میں کشیدگی کے باعث تجارت اور ترسیل کے اخراجات متاثر ہوئے ہیں۔حکومت کی جانب سے توانائی کی قیمتوں اور ٹیکسز میں کمی کے لیے کوششیں جاری ہیں۔

بقیہ 10 تجارت نیوز

خریداری متاثر ہونے سے خبردار کیا گیا ہے۔اوسی اے سی کے مطابق ملک میں پیٹرول کا صرف 18 دن جبکہ ڈیزل کا 27 دن کا ذخیرہ باقی رہ گیا ہے۔تیل منگوانے کے لیے دستیاب سرمایہ مسلسل کم ہورہا ہے، جس کے باعث ملک میں تیل کے اسٹریٹیجک ذخائر برقرار رکھنا بھی مشکل ہوتا جارہا ہے۔خط میں کہا گیا ہے کہ حکومت پر آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کے 66 ارب 70 کروڑ روپے واجب الادا ہیں۔یہ بھاری رقم پرائس ڈیفرینشل کلیمز اور مارجن کی مد میں پھنسی ہوئی ہے، جس سے کمپنیوں کی مالی مشکلات میں اضافہ ہورہا ہے۔آئل کمپنیز ایڈوائزری کونسل کے مطابق آئل مارکیٹنگ کمپنیاں اپنے اسٹاک سے پیٹرول اور ڈیزل فروخت کرکے بینکوں اور سپلائرز کو ادائیگیاں کررہی ہیں۔حکومت کی جانب پھنسی ہوئی رقم پیٹرول کے تقریباً 5 کارگوز کے برابر ہے۔

بقیہ 11 تجارت نیوز

حرمین شریفین کے تحفظ کے لیے پاکستان کا عزم غیر مشروط ہے۔ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ سعودی عرب کی سلامتی اور مکہ مکرمہ ومدینہ منورہ کے تحفظ کے لیے پاکستان کے عزم میں کوئی ابہام نہیں ہونا چاہیے۔انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان ہر قسم کی جارحیت کے خلاف سعودی عرب کا دفاع جاری رکھے گا،انہوں نے کہا کہ پاکستان مکمل طور پر سعودی عرب کے ساتھ کھڑا ہے اور دونوں ممالک اپنے عوام، سیاسی قیادت اور مسلح افواج کے درمیان قائم تاریخی اور ناقابلِ تسخیر تعلقات کے بندھن میں بندھے ہوئے ہیں۔لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف نے کہا کہ پاکستان سعودی عرب سے کیے گئے اپنے وعدوں پر بدستور قائم ہے اور حرمین شریفین کی سلامتی اور تقدس کے تحفظ کے لیے موجود ہے،انہوں نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان 7 اگست کو طے پانے والے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت تینوں ممالک میں سے کسی ایک پر مسلح حملے کو تینوں ممالک پر حملہ تصور کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ معاہدے میں تینوں ممالک کے درمیان دفاعی تعاون کو مزید فروغ دینے کی بھی گنجائش رکھی گئی ہے جبکہ کسی حملے کی صورت میں تینوں فریق باہمی مشاورت کریں گے اور آئندہ کے لائحہ عمل کا فیصلہ کریں گے۔ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ موجودہ علاقائی کشیدگی کے دوران پاکستان کی سیاسی اور عسکری قیادت سعودی قیادت کے ساتھ قریبی رابطے میں ہے۔اسلام آباد کشیدگی میں کمی اور مذاکرات کے ذریعے بحران کے پُرامن حل کے لیے سفارتی کوششیں بھی جاری رکھے ہوئے ہے،رپورٹ کے مطابق ان کا یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا جب سعودی عرب کو حوثیوں کی جانب سے میزائل اور ڈرون حملوں کا سامنا ہے۔حالیہ حملوں کے تناظر میں پاکستان سعودی عرب کی سلامتی کے لیے اپنے عزم کا اعادہ کرچکا ہے۔

بقیہ 12 تجارت نیوز

ماحولیاتی اصلاحات کے حوالے سے پیش رفت انتہائی اہم ہوگی۔سفیر نے فرسٹ سیکریٹری کرٹ اجاما، ڈویلپمنٹ کوا؟ پریشن کے منیجر تھیس منکگارڈ ہینسن اور سینئر ماہر معاشیات وتجارتی مشیر حسنین اے افتخار کے ہمراہ آل پاکستان ٹیکسٹائل ملز ایسوسی ایشن (اپٹما) ہاؤس میں اپٹما کے اعلیٰ عہدیداران سے ملاقات کی۔چیئرمین اپٹما کامران ارشد، چیئرمین منتخب اسد شفیع اور دیگر سینئر نمائندوں نے یورپی یونین کے وفد کا استقبال کیا۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے یورپی یونین کے سفیر نے کہا کہ جی ایس پی پلس سہولت سے ا؟ ئندہ بھی استفادہ کرنے کے لیے پاکستان کو مختلف بین الاقوامی قوانین اور کنونشنز پر مؤثر قانون سازی اور ان کے عملی نفاذ میں واضح پیشرفت کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔انہوں نے کاروباری برادری بالعموم اور برا؟ مدکنندگان بالخصوص پر زور دیا کہ وہ متعلقہ بین الاقوامی کنونشنز پر فوری عملدرا؟ مدکو یقینی بنائیں اور یورپی کمیشن کی جانب سے انسانی حقوق، مزدوروں کے حقوق، طرز حکمرانی اور ماحولیاتی تحفظ سے متعلق اٹھائے گئے نکات پر حکومت کے ساتھ فعال رابطہ رکھیں تاکہ ا؟ ئندہ دس برسوں کے لیے جی ایس پی پلس کی توسیع کی راہ ہموار ہو سکے۔سفیر نے پائیداری کے تقاضوں کی تکمیل کے حوالے سے پاکستانی ٹیکسٹائل صنعت کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ یورپی یونین کے لیے یہ ایک انتہائی اہم ترجیح ہے اور اس حوالے سے صنعت کی پیش رفت قابل تحسین ہے، چیئرمین اپٹما کامران ارشد نے کہا کہ یورپی یونین پاکستان کا سب سے بڑا تجارتی شراکت دار ہے اور جی ایس پی پلس سہولت کے باعث پاکستان اپنی 78 فیصد اشیا یورپی منڈی میں ڈیوٹی فری برآمد کرنے کے قابل ہوا ہے۔انہوں نے کہا کہ اس سہولت نے روزگار کے مواقع پیدا کرنے، سرمایہ کاری اور ٹیکنالوجی کو جدید بنانے میں معاونت کی ہے جبکہ 2050 تک خالص صفر کاربن اخراج کا ہدف حاصل کرنے کی پاکستان کی کوششوں میں بھی مدد دی ہے، کامران ارشد نے خبردار کیا کہ جی ایس پی پلس کی سہولت ختم ہونے سے برآمدات پر شدید اثر پڑ سکتا ہے جس سے ملک کو سالانہ ایک ٹریلین روپے سے زائد کا نقصان ہوسکتا ہے اور ملوں کی بندش اور بے روزگاری میں اضافے کا خدشہ ہے۔انہوں نے کہا کہ اس کے اثرات بینکاری، رئیل اسٹیٹ اور ٹرانسپورٹ کے شعبوں تک بھی پھیل سکتے ہیں، کیونکہ ٹیکسٹائل کمپنیوں کا بینکوں کے مجموعی واجب الادا قرضوں میں 40 فیصد سے زائد حصہ ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ اس سہولت میں خلل پڑنے سے مزدوروں کے حقوق، انسداد بدعنوانی کے اقدامات اور منشیات کی روک تھام سے متعلق اقدامات میں ہونے والی پیش رفت بھی متاثر ہوسکتی ہے۔اپٹما کے چیئرمین نارتھ اسد شفیع نے کہا کہ ٹیکسٹائل صنعت نے اپنے توسیعی منصوبوں کے تحت یورپی یونین سے حاصل کی گئی مشینری پر اربوں ڈالر کی سرمایہ کاری کی ہے۔انہوں نے سفیر پر زور دیا کہ ممکنہ طور پر جی ایس پی پلس کی سہولت ختم ہونے سے تحفظ کے لیے پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان آزاد تجارتی معاہدے (ایف ٹی اے) کو تیز رفتاری سے حتمی شکل دینے کی کوششوں کی حمایت کریں، جو بھارت اور یورپی یونین کے درمیان ایف ٹی اے کی طرز پر ہو۔شفیع نے سفیر کو اپٹما کے ضابطوں کی پابندی سے متعلق اقدامات کے بارے میں بھی آگاہ کیا، جن میں مجوزہ نیشنل کمپلائنس اینٹٹی کے قیام کی حمایت بھی شامل ہے، اور پاکستان کی جانب سے جی ایس پی پلس کے دوبارہ حصول کے لیے درخواست دینے سے قبل ضابطہ جاتی خامیوں کو دور کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 13 تجارت نیوز

پولیس لائنز مسجد میں گھسنے والے تمام دہشت گردوں کو جہنم واصل کردیا۔پولیس اور سیکورٹی فورسز کی جوابی کارروائی میں کل 8 دہشتگرد ہلاک کردیے گئے، ایلیٹ فورس کمانڈوز، سی ٹی ڈی ٹیمز اور سیکورٹی فورسز نے عمارات کے اہم حصوں کو کلیئر کروا لیا،سیکورٹی ذرائع کے مطابق آپریشن کی براہ راست نگرانی جنرل آفیسر کمانڈنگ کوہاٹ نیکی جب کہ پاک فوج کے کمانڈوز، جوانوں اور بم ڈسپوزل اسکواڈ نے علاقے کو کلیئر کرکے پولیس کے حوالے کردیا۔آئی جی پی نے کہا کہ خودکش بمبار نے قانون کے رکھوالوں کو نشانہ بنانے کو کوشش کی تاہم ناکام رہا۔آئی جی پی خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید خود جائے وقوعہ پر موجود رہے، جوانوں کا حوصلہ بڑھایا،ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی، ریجنل پولیس آفیسر کوہاٹ اور ڈی پی او کوہاٹ نے آپریشن کو لیڈ کیا،جی او سی کوہاٹ بھی موجود رہے جب کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں نے رات بھر کے آپریشن کے بعد کامیابی حاصل کی۔آئی جی خیبر پختونخوا پولیس ذوالفقار حمید نے آپریشن میں حصہ لینے والے افسران کو شاباش دی اور انعامات کا اعلان کیا،انہوں نے کہا کہ پولیس، سی ٹی ڈی اور سیکورٹی فورسز نے بہادری سے مقابلہ کیا، جانباز جوان قوم کا فخر ہیں، دہشتگردوں کے ناپاک عزائم خاک میں ملائے ہیں، مکمل خاتمہ یقینی بنائیں گے۔دوسری جانب کوہاٹ کے اولڈ پولیس لائنز دھماکے کے مقام سے 1 اور پولیس اہلکار کی لاش ڈی ایچ کیو اسپتال منتقل کر دی گئی جس کے بعد شہدا کی تعداد 22 ہوگئی ہے۔

بقیہ 14 تجارت نیوز

سی پی ڈاکٹر کبیر سدھو کی تعیناتی کے بعد کمیشن کے شعبہ ایڈجوڈیکیشن کو مزید مستحکم کیا گیا۔شعبے نے 969 ایڈجوڈیکیشن ریکمنڈیشن نوٹسز میں سے 953 کا جائزہ مکمل کیا اور 573 کیسز میں کارروائی مکمل کر کے فیصلے جاری کیے۔قانونی کارروائی شروع کرنے سے متعلق باقی سفارشات بھی بہتر نگرانی اور مؤثر کیس مینجمنٹ کے ذریعے نمٹادی گئی ہیں، جس کے بعد شعبہ ایڈجوڈیکیشن کا تمام بیک لاگ ختم ہوگیا ہے۔یہ جرمانے لسٹڈ، ان لسٹڈ اور نجی کمپنیوں کے علاوہ سیکیورٹیز بروکرز، انشورنس کمپنیوں اور نان بینکنگ فنانس کمپنیوں پر کمپنیز ایکٹ، سیکیورٹیز ایکٹ اور دیگر قوانین اور ریگولیٹری ضابطوں کی خلاف ورزیوں پر عائد کیے گئے۔سرکاری ملکیتی کمپنیوں کی جانب سے قابل اطلاق کارپوریٹ اور ریگولیٹری تقاضوں کی خلاف ورزیوں پر بھی خصوصی توجہ دی گئی اور اس ضمن میں 117 فیصلے جاری کیے گئے۔کیسز میں کمپنیز ایکٹ، سیکیورٹیز قوانین اور انسدادِ منی لانڈرنگ کے ضابطہ جاتی فریم ورک کی خلاف ورزیاں شامل تھیں۔اہم خلاف ورزیوں میں مالیاتی گوشوارے اور قانونی معلومات جمع نہ کرانا، سالانہ اجلاس بروقت منعقد نہ کرنا، لازمی معلومات ظاہر نہ کرنا، مالیاتی رپورٹنگ اور کارپوریٹ گورننس کے تقاضوں پر عمل نہ کرنا، اور خواتین اور آزاد ڈائریکٹرز کی عدم تعیناتی شامل تھی،ڈاکٹر کبیر سدھو نے کہا کہ ایڈجوڈیکیشن کے تمام معاملات میں بروقت، شفاف اور شواہد پر مبنی فیصلوں کو یقینی بنایا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ مؤثر کیس مینجمنٹ کے ذریعے زیر التوا مقدمات کو جلد نمٹانا، قانون کی عمل داری یقینی بنانا، کمپنیوں میں کمپلائنس کے کلچر کو فروغ دینا اور سرمایہ کاروں، بالخصوص اقلیتی حصہ داران، کے مفادات کا تحفظ کمیشن کی اولین ترجیحات ہیں۔

بقیہ 15 تجارت نیوز

کے بجائے موقع سے فرار ہوگئے،واضح رہے کے معروف قانون دان ایڈوکیٹ آصف ابڑو نے ارباب اختیار سے اس حساس ترین معاملے کا فوری نوٹس لینے کی اپیل کی ہے،ان کا اس مزید کہنا تھا کے اگر اس قانون شکنی کے خلاف فوری اور سخت ترین اقدامات نہ گئے تو کراچی کے کروڑوں شہری مزید عدم تحفظات اور مشکلات کا شکار ہو جائیں گے۔

بقیہ 16 تجارت نیوز

پاکستان کی آٹو موٹیو صنعت صنعتی ترقی، سرمایہ کاری اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کا اہم ذریعہ ہے۔انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت مقامی پیداوار، سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی اور جدت کے فروغ کے لیے پرعزم ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان انٹرنیشنل آٹو شو 2026 کاروباری روابط، سرمایہ کاری اور ٹیکنالوجی کی منتقلی کے فروغ میں مؤثر ثابت ہوگا۔آٹو موبائل صنعت سے وابستہ ماہرین نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے وژن کو قابل تقلید قرار دیا۔الیکٹرک وہیکل صنعت کے نمائندوں اور انتظامی افسران نے گرین ٹیکسی اور وزیراعلیٰ بائیک اسکیموں کو خراج تحسین پیش کیا۔ای وی صنعت کے نمائندوں نے گرین ٹیکسی اور بائیک اسکیموں کو وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے بہترین اقدامات قرار دیا۔ٹریکٹر ساز کمپنیوں کے نمائندوں اور مالکان نے گرین ٹریکٹر اسکیم کے اجرا کو سراہا۔ٹریکٹر مینوفیکچررز کے نمائندوں نے کہا کہ گرین ٹریکٹر اسکیم نے ٹریکٹر مینوفیکچرنگ صنعت کو اپنے پاؤں پر کھڑا ہونے کے قابل بنایا ہے۔انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی جانب سے متعارف کرائی گئی اس اسکیم سے مقامی ٹریکٹر مینوفیکچرنگ کو فروغ ملا ہے۔

بقیہ 17 تجارت نیوز

قاتلوں کا پولیس تاحال سراغ نہیں لگا سکی ہے، انصاف کے مطالبے اور ملزمان کی گرفتاری کیلیے مقتول کے ورثا اور علاقہ مکینوں کی جانب سے منگھوپیر تھانے کے سامنے 13 ویں روز بھی دھرنا جاری رہا۔دھرنے میں مختلف سماجی شخصیات اور دیگر نے شرکت کر کے اپنے خیالات کا اظہار اور واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کی۔مقتول نوجوان کے والد روائید خان کا کہنا تھا کہ میرا پہلے روز سے ایک ہی مطالبہ ہے کہ میرے لخت جگر کے قاتل جب تک گرفتار نہیں ہوتے اُس وقت تک تدفین نہیں کروں گا اور احتجاجی دھرنا جاری رہیگا چاہے اس میں کتنا ہی وقت لگ جائے۔ان کا کہنا تھا کہ پولیس حکام سے تاحال رابطے میں ہوں، کراچی کی تمام سیاسی ومذہبی جماعتیں ہمارے ساتھ ہیں، مقتول بیٹے روشم خان کے قاتل گرفتار ہونے پر ہی اس کی تدفین کی جائیگی۔اس موقع پر مختلف مقررین نے کہا کہ اگر مقتول نوجوان روشم خان کے قاتل گرفتار نہیں ہوئے تو وزیر اعلیٰ ہاؤس کے باہر بھی احتجاج کیا جائے گا، واضح رہے کہ ایک ہفتے قبل کراچی پولیس چیف آزاد خان نے ڈی آئی جی ویسٹ زون عرفان علی بلوچ اور دیگر پولیس افسران کے ہمراہ مقتول نوجوان روشم کے والد روئیداد خان سے ملاقات کر کے اظہار تعزیت اور روشم قتل کیس سے متعلق تفتیش سے متعلق پیش رفت سے انھیں آگاہ بھی کیا تھا تاہم مظاہرین کی جانب سے مقتول نوجوان روشم خان کے قاتلوں کی گرفتاری تک منگھوپیر تھانے کے سامنے احتجاجی دھرنا جاری رکھنے کے عزم کا اظہار گیا جو تاحال جاری ہے، جس میں شرکا کی آمد کا سلسلہ بھی بدستور جاری ہے۔

بقیہ 18 تجارت نیوز

کو گندم کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے گندم کی درآمد سے متعلق قومی اسٹیئرنگ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے یہ ہدایات جاری کیں۔انہوں نے گندم کی درآمد کے عمل کا جائزہ لیا جو گندم کی قیمتوں میں استحکام لانے کے لیے شروع کیا گیا ہے۔اجلاس میں قومی غذائی تحفظ اور اقتصادی امور کے وزرا، اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ڈپٹی گورنر، قومی غذائی تحفظ اور تجارت کے سیکریٹریز، پنجاب اور سندھ کے ایڈیشنل چیف سیکریٹریز، آزاد جموں وکشمیر، گلگت بلتستان، اسلام آباد کیپیٹل ٹیریٹری اور متعلقہ وفاقی وصوبائی محکموں کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 19 تجارت نیوز

وزیر برائے توانائی (پاور ڈویژن) سردار اویس احمد خان لغاری کے درمیان جمعہ کو ہونے والی ملاقات میں سامنے آئی۔ملاقات میں بجلی کے شعبے میں جاری اصلاحات، ڈسکوز کی نجکاری کے عمل پر پیش رفت، ترک سرمایہ کاری میں دلچسپی اور توانائی کے شعبے میں پاکستان اور ترکیہ کے درمیان تعاون مزید مضبوط بنانے کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔اویس لغاری نے کہا کہ پاور ڈویژن نے ڈسکوز کی نجکاری کے لیے درکار پالیسی، اصلاحاتی اور ادارہ جاتی کام مکمل کرلیا ہے، جبکہ باضابطہ عمل متعلقہ فورم اور نجکاری کمیشن کے ذریعے آگے بڑھایا جا رہا ہے،انہوں نے کہا کہ حکومت بجلی کی تقسیم کے نظام کی کارکردگی بہتر بنانے، مالیاتی پائیداری اور بہتر طرز حکمرانی یقینی بنانے اور مؤثر نجی شعبے کی شمولیت کے ذریعے خدمات کی فراہمی بہتر بنانے کے لیے جامع اصلاحات پر عمل پیرا ہے۔وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان توانائی کے شعبے میں تعاون مضبوط بنیادوں پر قائم ہے۔انہوں نے بتایا کہ ترکیہ کے دورے کے دوران دونوں ممالک کے توانائی کے شعبے کے اہم اداروں کے درمیان طے پانے والی تین مفاہمت کی یادداشتوں (ایم او یوز) نے بجلی کی منڈیوں، ترسیل اور تقسیم کے شعبوں میں ادارہ جاتی تعاون کے لیے ایک فریم ورک فراہم کیا ہے۔اویس لغاری نے ڈسکوز کی نجکاری کے عمل میں ترک کمپنیوں کی دلچسپی کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ توانائی کے شعبے میں ان کا تجربہ اور مہارت پاکستان میں بجلی کے شعبے کی اصلاحات میں نمایاں کردار ادا کر سکتی ہے۔انہوں نے ترک سرمایہ کاروں کو پاکستان کے پاور سیکٹر میں سرمایہ کاری کے مواقع تلاش کرنے کی دعوت بھی دی اور کہا کہ دوطرفہ تعاون اب تجربات کے تبادلے سے آگے بڑھ کر مضبوط ادارہ جاتی روابط، تکنیکی تعاون اور نجی سرمایہ کاری کی جانب گامزن ہے۔ترک سفیر نے پاکستان میں جاری بجلی کے شعبے کی اصلاحات اور نجی شعبے کی شمولیت کے فروغ کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو سراہا۔انہوں نے کہا کہ ترک کمپنیوں کی پاکستان کے توانائی کے شعبے میں سرمایہ کاری کے مواقع میں گہری دلچسپی ہے اور ڈسکوز کی نجکاری کے عمل میں ان کی شمولیت دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی تعلقات کو مزید مضبوط کرے گی۔سفیر نے پاکستان اور ترکیہ کے درمیان ادارہ جاتی تعاون کو فروغ دینے اور متعلقہ ترک کمپنیوں اور اداروں کے ساتھ روابط مضبوط بنانے کے عزم کا بھی اعادہ کیا۔ملاقات کے اختتام پر توانائی کے شعبے میں اصلاحات، سرمایہ کاری، تکنیکی تعاون اور نجی شعبے کی شمولیت کے حوالے سے تعاون مزید بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔

بقیہ 20 تجارت نیوز

میں کہا کہ پٹرولیم لیوی کے بھتے کو کوئی جواز نہیں ہے، ایف بی آر کا عملہ ٹیکس کے اہداف پورے نہیں کرتا، یہ اپنی کرپشن چھپانے کے لیے بھتہ ٹیکس لیتے ہیں، وفاقی حکومت کے اخراجات ایک ٹریلین سے بڑھ چکے ہیں، حکومت اپنے اخراجات میں 30 فیصد اضافہ کرتی ہے، عوام سے قربانی مانگتے ہیں، پٹرولیم لیوی 107 روپے فی لٹر وصول کی جا رہے ہیں۔حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ لیوی کے علاوہ کئی طرح کے ٹیکسز بھی پٹرول پر عائد ہیں، یہ اپنی کرپشن اور لوٹ مار ختم کرنے کو تیار نہیں ہیں، مذاکرات میں یہ کہتے ہیں ہمیں تجاویز دیں، جو ہمارا کام نہیں ہے، ہم نے مذاکرات میں تجاویز بھی دیں، یہ ماننے کو تیار نہیں، یہ آئی ایم ایف کا بہانہ بنا کر عوام کو ریلیف فراہم نہیں کرتے۔ان کا کہنا تھا کہ ہم کہتے ہیں سود تین فیصد کردو، یہ کہتے ہیں اسٹیٹ بینک خودمختار ہے، اسٹیٹ بنک میں تقرریاں تو حکومت ہی کرتی ہے، انہوں نے نام نہاد ریلیف کا اعلان کیا، یہ عوام کو خیرات ہے، جماعت اسلامی کی تحریک اب پوری قوم کی آواز بن چکی ہے، پٹرولیم لیوی ہرصورت ختم کرنی پڑے گی، کل سے لانگ مارچ شروع کررہے ہیں، حکومت نے پھر رابطہ کیا ہے۔امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ ہم نئے کئی میٹنگز کرلیں، حکومت ہر مرتبہ وقت مانگتی ہے، اگر حکومت لیوی ختم کرتی ہے تو ان سے بات ہوسکتی ہے، اگر لیوی ختم نہیں کرتے تو ہم لانگ مارچ کسی صورت ختم نہیں کریں گے، حکومت پروپوزل کے ساتھ آئے گی تو بات کریں گے، عوام کو خیراتی ریلیف نہیں ان کا حق چاہئے، حکمرانوں کا فرض ہے کہ عوام کو ریلیف دے۔حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ اس وقت آٹے اور چینی کا شدید بحران ہے، زرداری، شریف اور ترین خاندان کی شوگر ملیں ہیں، شوگر مافیا کبھی درآمد کی کبھی برآمد کی اجازت مانگتا ہے۔

بقیہ 21 تجارت نیوز

کہا کہ مسائل کے حل اور پائیدار امن کے لیے مذاکرات اور سفارتکاری ہی واحد قابل عمل راستہ ہیں، ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اس ملاقات میں پاکستان، ترکیہ کے درمیان دوطرفہ تعاون مزید بڑھانے پر بات چیت ہوئیں، ترک سفیر نے مختلف دوطرفہ ادارہ جاتی میکنزمز پر پیشرفت سے آگاہ کیا۔ترکیہ کے سفیر نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان اعلیٰ سطحی رابطوں کے بعد تعاون میں پیشرفت جاری ہے۔

بقیہ 22 تجارت نیوز

فوجی مارے گئے، جبکہ حوثی فوجی ذرائع نے دعویٰ کیا کہ سعودی فضائی حملوں اور زمینی لڑائی میں ان کے 40 جنگجو ہلاک ہوئے، یہ اعداد دونوں فریقوں کے دعووں پر مبنی ہیں۔سعودی حکام کے مطابق طائف میں ایک ڈرون کو روکنے کے بعد گرنے والے ملبے سے ایک شخص ہلاک اور دو زخمی ہوئے، جبکہ حوثیوں کے زیر انتظام میڈیا نے تعز میں سعودی حمایت یافتہ فورسز کے حملوں میں 3 بچوں کی ہلاکت کا دعویٰ کیا ہے۔

بقیہ 23 تجارت نیوز

شراکت داروں کے ساتھ تجارتی و سرمایہ کاری روابط بڑھانا، سرمایہ کاروں کو متحرک کرنا اور تجارتی تعلقات میں توسیع حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان نے برآمدات پر مبنی معاشی ترقی کی واضح سمت متعین کردی ہے۔برآمد کنندگان کو 4.5 فیصد کی شرح پر ری فنانس فراہم کیا جا رہا ہے، حالانکہ پالیسی ریٹ 11.5 فیصد ہے۔روایتی برآمدی شعبوں کو مزید مسابقتی بنانے کے لیے بھی اقدامات جاری ہیں۔گزشتہ مالی سال پاکستان کی جی ڈی پی نمو تقریباً 3.7 فیصد رہی اور رواں مالی سال بھی معاشی ترقی کی رفتار برقرار ہے۔انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ بینک نے رواں مالی سال کے دوران جی ڈی پی نمو 3.5 سے 4.5 فیصد رہنے کا تخمینہ دیا ہے اور پاکستان پائیدار معاشی ترقی کے ماڈل کی جانب پیش قدمی کر رہا ہے۔دوسری جانب وزارت خزانہ کے مطابق پاکستان ہائی کمیشن لندن کے زیر اہتمام پاکستان انویسٹمنٹ راؤنڈ ٹیبل کا انعقاد کیا گیا، جس میں لندن کے معروف سرمایہ کاروں اور عالمی مالیاتی اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی۔وفاقی وزیر خزانہ ومحصولات سینیٹر محمد اورنگزیب تقریب کے مہمان خصوصی تھے۔گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد، وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد اور برطانیہ میں پاکستان کے ہائی کمشنر ٹیپو عثمان بھی اس موقع پر موجود تھے۔محمد اورنگزیب نے کہا کہ حکومت ملکی معیشت کو مستحکم کرنے اور پائیدار معاشی ترقی کے لیے بھرپور کوششیں کررہی ہے، جبکہ مختلف شعبوں میں اصلاحات کے ذریعے نجی شعبے کو زیادہ مواقع دینے پر بھی توجہ مرکوز ہے۔حکومت کی مالی پالیسی کے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں، بجٹ خسارے میں کمی اور حکومتی آمدن میں اضافہ ہوا ہے، جبکہ مالی اور ادارہ جاتی اصلاحات میں بھی پیش رفت ہوئی ہے۔

بقیہ 24 تجارت نیوز

کے لیے تین ماہ کے عرصے تک ایندھن کی فراہمی میں 50 فیصد کمی کی جائے گی۔مالی سال 2026-27ء کے پورے عرصے کے لیے نان ای آر ای بجٹ میں 5 فیصد کمی کی جائے گی جس کی کٹوتی ماہانہ بنیادوں پر کی جائے گی۔

بقیہ 25 تجارت نیوز

پاہو اقتدار میں ہیں، آبنائے ہرمز نہیں کھولی جائے گی۔ایرانی میڈیا کے مطابق محمد باقر ذوالقدر نے کہا کہ آبنائے ہرمز کی بندش ایرانی قوم کے انتقام کا پہلا مرحلہ ہے۔انہوں نے کہا کہ ایرانی قوم اپنے وجود، شناخت، آزادی اور اعلیٰ اہداف کا دفاع کر رہی ہے، محمد باقر ذوالقدر کا مزید کہنا تھا کہ ایرانی قوم نے ارادہ کرلیا ہے کہ جارح دشمن کے دانت توڑ دے اور سامراجیوں کو چیخ دے۔

بقیہ 26 تجارت نیوز

جاری ہیں۔کراچی پورٹ ٹرسٹ اور پپری ریلوے لنک کی بحالی کے منصوبے کے تحت 52 کلومیٹر طویل مخصوص ڈوئل ٹریک ریلوے لائن تعمیر کی جائے گی۔منصوبے کے تحت 25 بڑے ریلوے وسڑکوں کے پل اور 6 فلائی اوورز وگریڈ سپریٹرز تعمیر کیے جائیں گے۔منصوبے میں 100 فیصد حفاظتی باڑ اور حفاظتی انتظامات کے ساتھ جدید مرکزی خودکار سگنلنگ نظام بھی شامل ہے۔1.5 کلومیٹر مخصوص ریلوے لنک کے ذریعے لاجسٹکس پارک کو کراچی پورٹ اور پورٹ قاسم سے منسلک کیا جائے گا۔بندرگاہوں سے کنٹینرز ریلوے کے ذریعے لاجسٹکس پارک لاکر ٹریلرز سے اپ کنٹری بھیجے جائیں گے۔

بقیہ 27 تجارت نیوز

کے لرزہ خیز قتل میں ملوث ملزم کو گرفتار کرلیا گیا۔جو آلہ قتل کی برآمدگی کے دوران مبینہ پولیس مقابلے میں مارا گیا، پولیس ذرائع کے مطابق ابتدائی تفتیش میں قتل کی وجہ ذاتی رنجش کا شاخسانہ سامنے آیا ہے، واضح رہے کہ گزشتہ پیر کی شام سرجانی ٹاؤن کے علاقے سیکٹر سیون ڈی میں قتل کی لرزہ خیز واردات میں 34 سالہ مہوش زوجہ دانش اور اس کے 2 معصوم بچوں بیٹی 8 سالہ مرحہ اور بیٹا 6 سالہ حسنین کی لاشیں گھر سے ملیں تھیں جبکہ ڈھائی سالہ اشیرہ شدید زخمی حالت میں ملی تھی، جسے جناح اسپتال لیجایا گیا جہاں وہ پیر اور منگل کی درمیانی شب دم توڑ گئی تھی۔پولیس نے سسر کی مدعیت میں مقدمہ درج کرنے کے بعد ڈی آئی جی نے 8 رکنی تحقیقاتی کمیٹی تشکیل دی تھی، جس نے شک کی بنا پر پڑوسیوں سمیت 15 افراد سے پوچھ گچھ بھی کی تھی۔

بقیہ 28 تجارت نیوز

ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران سے ڈیل ہونے یا علاقے میں مزید فوج بھیجی جانے سے متعلق استفسار پر اپنے جواب میں کہا کہ ہم یا تو کوئی اچھا معاہدہ کریں گے، یا پھر کوئی معاہدہ کریں گے ہی نہیں۔ٹرمپ نے کہا کہ دعویٰ کیا کہ امریکا آبنائے ہرمز سے جہازرات کو نکالتا ہے کیونکہ ایران کو پتہ ہی نہیں چلتا، ایران کے ریڈار تباہ کیے جا چکے ہیں۔

بقیہ 29 تجارت نیوز

پاکستان کی بحری رابطہ کاری اور عالمی سمندری تجارت میں شمولیت میں مسلسل بہتری کی عکاسی کرتی ہے۔کراچی پورٹ کی بہتر رابطہ کاری سے عالمی سپلائی چینز تک پاکستان کی رسائی مزید مضبوط ہوگی۔ترجمان نے کہا کہ کراچی پورٹ خطے میں ایک اہم بحری تجارتی مرکز کے طور پر اپنا کردار مزید مستحکم کر رہا ہے۔

بقیہ 30 تجارت نیوز

ہزار ہوگئی اور مالی سال 2027 کے ابتدائی 2 ماہ میں 7.3 ارب ڈالر پاکستان پہنچے جبکہ ترسیلات زر میں سالانہ 17 فیصد اضافہ ہوا ہے۔سروسز برآمدات میں 29 فیصد، آئی ٹی برآمدات میں 17 فیصد اور فری لانسرز کی آمدن میں 42 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔معاشی اشاریوں میں نمایاں بہتری پاکستان میں بڑھتی کاروباری سرگرمی اور مضبوط ہوتے معاشی اعتماد کی عکاسی ہے۔

بقیہ 31 تجارت نیوز

دوران ضبط کی گئی گندم میں مبینہ خرد برد پر کی گئی ہے اور چیف سیکریٹری سندھ نے معطل افسران کے کیسز مزید تحقیقات کے لیے محکمہ اینٹی کرپشن سندھ اور وزیراعلیٰ انسپیکشن ٹیم کو بھجوا دیے ہیں، ترجمان چیف سیکریٹری سندھ نے کہا کہ تحقیقات کی روشنی میں ذمہ داروں کے خلاف قانون کے مطابق مزید کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ 32 تجارت نیوز

کا ثبوت ہے۔ترسیلاتِ زر اور سروسز کی برآمدات میں نمایاں بہتری، کرنٹ اکاؤنٹ کی بہتر صورتحال اور مالیاتی نظم وضبط نے زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافے میں اہم کردار ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی کیپیٹل مارکیٹس تک پاکستان کی دوبارہ کامیاب رسائی بھی ملکی معیشت پر عالمی اعتماد کی بحالی کا مظہر ہے، زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ نہ صرف ملکی بیرونی ادائیگیوں کی صلاحیت کو مضبوط بنائے گا بلکہ عالمی معاشی مشکلات کا مقابلہ کرنے کی ہماری استعداد بھی کئی گنا بڑھائے گا۔وزیراعظم کا کہنا تھا کہ مستحکم معاشی پوزیشن ملک میں بیرونی اعتماد، سرمایہ کاری اور پائیدار معاشی ترقی کے نئے دروازے کھولے گی۔انہوں نے وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، گورنر اسٹیٹ بینک، حکومت کی معاشی ٹیم اور بالخصوص بیرون ملک پاکستانی عوام کو اس اہم کامیابی پر خراج تحسین پیش کیا۔واضح رہے کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے بتایا تھا کہ یوروبانڈز کے انفلوز کی آمد کے بعد زرمبادلہ کے مجموعی ذخائر 26 ارب 79 کروڑ سے تجاوز کر گئے ہیں جبکہ زرمبادلہ کے سرکاری ذخائر تاریخ کی بلند ترین سطح ہے۔

بقیہ 33 تجارت نیوز

کے کلیمز کی مکمل ادائیگی کردی ہے۔نعمان علی بٹ کے مطابق 868 پیٹرول پمپس کے کلیمز کی مجموعی رقم ایک کروڑ 22 لاکھ 36 ہزار 500 روپے تھی۔16 ستمبر 2026 کے کلیمز کی مکمل رقم متعلقہ پیٹرول پمپس کے اکاؤنٹس میں منتقل کردی گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ 868 پیٹرول پمپس کو کلیم کی گئی مکمل رقم ان کے متعلقہ اکاؤنٹس میں ادا کردی گئی ہے، جبکہ 16 ستمبر کے لیے 868 پیٹرول پمپس کی کلیم رقم کی مکمل ادائیگی کا عمل مکمل کرلیا گیا ہے۔

بقیہ 34 تجارت نیوز

کردار، نظام انصاف کو درپیش جدید چیلنجز، عدالتی تعلیم اور ٹیکنالوجی کے استعمال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب کی کانفرنس کے موقع پر ترکیہ، آذربائیجان، ملائیشیا، سنگاپور اور جنوبی کوریا کی اعلیٰ عدالتی قیادت سے دوطرفہ ملاقاتیں کیں جس میں عدالتی تعاون، ادارہ جاتی تبادلوں، استعداد کار اور جدید عدالتی انتظام کے تجربات کے تبادلے پر گفتگو کی گئی۔ملاقات میں عدالتی انتظام، ڈیجیٹل تبدیلی، نظام انصاف میں ٹیکنالوجی اور ادارہ جاتی استعداد کار کے شعبوں میں تعاون پر گفتگو ہوئی۔

بقیہ 35 تجارت نیوز

سے اب 20 سال پرانی موٹر سائیکلیں، رکشے، چنگ چی چلانے والے بھی مستفید ہوسکیں گے۔

بقیہ 36 تجارت نیوز

کے خلاف غیر قانونی جنگ شروع کرکے آج شرمندگی سے دوچار ہے۔

بقیہ 37 تجارت نیوز

ان سے نئی ملاقات کی امید ظاہر کی ہے۔سد نے کہا کہ میں یقین سے نہیں کہہ سکتا کہ اس کا کتنا امکان ہے (کہ یہ ہوگا)، لیکن یہ بھی واضح ہے کہ ہمیں اسے حقیقت بنانے کے لیے جو کچھ ہم کرسکتے ہیں، کرنا چاہیے۔انہیں نے بت کے دھراتے ہوئے کہا کہ ہم اس طرح کوئی فوج نہیں بھیجیں گے اور نہ ہی فوجی وسائل کو تعینات کریں گے۔

بقیہ 38 تجارت نیوز

بشیر، ڈاکٹر علی عابد نذر اور ڈاکٹر نصر اللہ نے کامیاب ٹرانسپلانٹ کیا۔گردہ ٹرانسپلانٹ کا عمل بغیر کسی پیچیدگی کے مکمل ہوا، مریض اور ڈونر دونوں بے روزگار، والد پولیس کے ریٹائرڈ کانسٹیبل ہیں۔پی کے ایل آئی کے مالی معاونت شعبے نے مریض کے علاج کے اخراجات 100 فیصد فراہم کیے۔

بقیہ 39 تجارت نیوز

کے اعلیٰ حکام، چیف کمشنرز، آر ٹی او اسلام آباد اور راولپنڈی نے شرکت کی اور ملک بھر کے آر ٹی اوز اور سی ٹی اوز نے ویڈیو لنک کے ذریعے آن لائن شرکت کی، اجلاس میں آسان ٹیکس اسکیم کے حوالے سے آر ٹی اوز اور سی ٹی اوز کی اب تک کی کارکردگی اور اسکیم پر عمل درآمد میں پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔

بقیہ 40 تجارت نیوز

عزم ہے کہ ہر علاقے کے شہریوں کو جدید پبلک ٹرانسپورٹ کی سہولت دی جائے، عوام کو بہترین اور سستی سفری سہولیات کی فراہمی سندھ حکومت کی ترجیحات میں ہے۔سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا کہ مختلف اضلاع میں پیپلز بس سروس کے مزید روٹس بھی شروع کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ 41 تجارت نیوز

دفعہ 420 کے تحت تینوں مجرموں کو 5،5 سال قید با مشقت اور 50، 50 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی۔پیکا ایکٹ 2016 کی دفعہ 14 کے تحت تینوں مجرموں کو مزید 2، 2 سال قید اور 2، 2 لاکھ روپے جرمانے کی سزا دی گئی۔عدالت کے مطابق فیس بک پر بارکلیز بینک کے جعلی اشتہار کے ذریعے اسلام آباد کے شہری حارث احمد شیخ سے ایک کروڑ 93 لاکھ 91 ہزار روپے کا فراڈ کیا گیا۔

بقیہ 42 تجارت نیوز

سے قبل بھی تقریباً ایک فیصد کمی کے ساتھ بند ہوئے تھے۔سعودی عرب اور یمن کے حوثیوں کے درمیان سرحد پر تازہ حملوں کے باوجود مارکیٹ نے نئی سپلائی رکاوٹوں کے خدشات پر محدود ردعمل دیا۔رواں ہفتے تیل کی قیمتیں تقریباً چار ماہ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی تھیں، جب سعودی عرب کے بحیرہ احمر میں ینبع برآمدی مرکز سے خام تیل کی لوڈنگ معطل ہونے اور یورپ کو کچھ ترسیلات منسوخ کرنے کی اطلاعات سامنے آئیں۔

بقیہ 43 تجارت نیوز

سائنسدانوں کا صرف 22 فیصد ہے۔یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی کی سابقہ طالبہ ڈاکٹر ارم ناز کی کامیابی پاکستانی خواتین کے لیے ایک نئی امید کی کرن ہے۔

بقیہ 44 تجارت نیوز

نام سے معاہدے کرنے کا مجاز ہوگا جبکہ اسے منقولہ اور غیر منقولہ جائیداد حاصل کرنے کا قانونی اختیار بھی حاصل ہوگیا ہے۔ترمیمی ایکٹ کے مطابق مرکز حکومت کی پیشگی منظوری سے اپنی غیر منقولہ جائیداد فروخت یا منتقل بھی کر سکے گا۔مرکز کو اپنے نام سے مقدمہ دائر کرنے کا اختیار بھی دے دیا گیا ہے جبکہ قانون کے تحت مرکز کے خلاف بھی مقدمہ دائر کیا جا سکے گا۔قانون کے تحت انسدادِ پرتشدد انتہا پسندی کے مرکز کو مستقل قانونی حیثیت اور کامن سیل بھی فراہم کردیا گیا ہے، اس مقصد کے لیے پنجاب سینٹر آف ایکسیلنس آن کاؤنٹرنگ وائلنٹ ایکسٹریمزم ایکٹ 2025 کی دفعہ 3 میں ترمیم کی گئی ہے۔

بقیہ 45 تجارت نیوز

خریدنے کے لیے فنانسنگ حاصل کی جا سکے گی، جبکہ نئی ڈیجیٹل فنانسنگ سہولت سے چھوٹے کاروباروں کو باضابطہ کریڈٹ نظام تک رسائی ملے گی۔چیئرمین ایس ای سی پی ڈاکٹر کبیر احمد سدھو نے کہا کہ ڈیجیٹل ڈسٹری بیوشن کے ذریعے فنانسنگ سے محروم کاروباروں کو قرضوں کی فراہمی ممکن بنائیں گے اور ڈیجیٹل فنانسنگ بڑھانے کے ساتھ ساتھ صارفین کے تحفظ کو بھی یقینی بنا رہے ہیں۔ایس ای سی پی کے مطابق گزشتہ ایک سال کے دوران نان بینکنگ کمپنیوں نے چھوٹے کاروباروں کو 253 ارب روپے کے قرض فراہم کیے، جبکہ ایک سال کے دوران 25 لاکھ افراد کو چھوٹے کاروباروں کے لیے فنانسنگ فراہم کی گئی ہے۔

بقیہ 46 تجارت نیوز

کہ اس تنازع میں جنگی جرائم کا ارتکاب صرف ایرانی حکومت نے کیا ہے۔یہ وائٹ ہاؤس کا مؤقف ہے، جبکہ اقوام متحدہ کی تحقیق امریکی حملوں سے متعلق الگ نتائج پیش کرتی ہے۔اقوام متحدہ کے آزاد تحقیقاتی مشن کے مطابق میناب کے شجرہ طیبہ پرائمری اسکول پر حملے میں 150 سے زائد افراد، جن میں تقریباً 120 بچے شامل تھے، مارے گئے۔

بقیہ 47 تجارت نیوز

نے معمول کی اسکریننگ کے دوران دبئی جانے والے مسافروں کے سامان کو مشکوک قرار دیا۔دونوں مسافر فلائی دبئی کی پرواز ایف زیڈ 330 کے ذریعے دبئی روانہ ہونے والے تھے۔مشکوک سامان کی تفصیلی تلاشی کے دوران کسٹمز حکام نے لکڑی کے دو زیورات کے ڈبے برآمد کیے، جن میں منشیات چھپانے کے لیے خصوصی خفیہ خانے بنائے گئے تھے۔

بقیہ 48 تجارت نیوز

اہم ترین مقامات میں شامل کر دیا ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ سعودی عرب بین الاقوامی برادری سے الگ تھلگ ہوکر یا پہاڑوں کی گہرائیوں میں چھپی ہوئی خفیہ سہولیات کے ذریعے اپنا ایٹمی پروگرام نہیں بنا رہا، بلکہ مملکت کا طویل المیعاد رویہ مکمل طور پر شفافیت، کھلے پن اور بین الاقوامی تعاون کی بنیادی اصولوں پر قائم ہے۔

بقیہ 49 تجارت نیوز

برآمدات اور نجی شعبے کی قیادت میں ترقی کی جانب حکومت کی ترجیحات پر روشنی ڈالی۔کانفرنس میں پاکستان کے حوالے سے معروف عالمی ادارہ جاتی سرمایہ کاروں اور بڑے منی منیجرز کی جانب سے بھرپور دلچسپی کا اظہار کیا گیا۔مجموعی طور پر 55 عالمی سرمایہ کاری فنڈز نے پاکستانی وفد کے ساتھ متعدد ون آن ون ملاقاتوں اور ایک مکمل سرمایہ کار سیشن میں شرکت کی۔سرمایہ کاروں کی بھرپور دلچسپی کے پیش نظر تمام ملاقاتیں ایک ہی روز میں منعقد کی گئیں جن میں پاکستان کی مستقبل کی معاشی سمت، سرمایہ کاری کے مواقع اور جاری معاشی تبدیلی کے پائیدار ہونے سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔جے پی مورگن پاکستان کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور کنٹری ہیڈ امین خواجہ بھی ملاقاتوں کے دوران موجود تھے، وزیر خزانہ نے حکومت کی معاشی سمت واضح کرتے ہوئے چھ اہم ترجیحات پر روشنی ڈالی جن میں معاشی استحکام کو پائیدار بنانا و مالیاتی و بیرونی معاشی دباؤ کو برداشت کرنے کی صلاحیت مضبوط کرنا، استحکام سے پیداواری صلاحیت، سرمایہ کاری اور برآمدات پر مبنی پائیدار اور ذمہ دارانہ ترقی کی جانب پیش رفت، ڈھانچہ جاتی اصلاحات کا سلسلہ جاری رکھنا، امداد سے تجارت اور سرمایہ کاری کی جانب منتقلی، عوام اور معاشرے کے مختلف طبقات کے لیے مالی وسائل تک رسائی میں توسیع، اور ڈیجیٹلائزیشن، بلاک چین اور ویب 3.0 سمیت نئی معیشت کے لیے پاکستان کو موثر طور پر تیار کرنا شامل ہیں۔وزیر خزانہ نے کہا کہ گزشتہ تین برسوں کے دوران پاکستان کی بنیادی ترجیح معاشی استحکام کی بحالی اور معاشی ساکھ کی تعمیر نو تھی، مالیاتی استحکام، بیرونی شعبے کے استحکام، مہنگائی، قرضوں کے انتظام اور عالمی مالیاتی منڈیوں تک دوبارہ رسائی کے شعبوں میں نمایاں پیش رفت ہوئی ہے مالی سال 2026 میں جی ڈی پی کی شرح نمو 3.7 فیصد تک بحال ہوئی، جبکہ مالیاتی خسارہ جی ڈی پی کے 2.6 فیصد تک کم ہوا، جو کئی برسوں کی کم ترین سطح ہے جبکہ ملک نے مسلسل تیسرے سال پرائمری سرپلس بھی ریکارڈ کیا۔وزیر خزانہ نے کہا کہ اب مقصد یہ ہے کہ معاشی استحکام کو پائیدار بنایا جائے اور اسے ترقی کے ایک ایسے مختلف ماڈل کی بنیاد بنایا جائے جو قلیل مدتی کھپت پر مبنی توسیع کے بجائے تیزی سے سرمایہ کاری، پیداواری صلاحیت، برآمدات اور نجی شعبے کی سرگرمیوں سے تقویت حاصل کرے، پاکستان کے خودمختار قرضوں کی پوزیشن میں بہتری کو اجاگر کرتے ہوئے سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا کہ حکومت نے فعال انتظام وانصرام کے ذریعے ملکی قرضوں کی مدت میں اضافہ اور ری فنانسنگ کے خطرات میں کمی کی ہے، مالیاتی استحکام کے ساتھ یہ اقدامات مجموعی خودمختار مالیاتی پوزیشن کو مضبوط بنا رہے ہیں۔

بقیہ 50 تجارت نیوز

سپرد کردی ہیں۔محسن رضائی نے امریکی قیادت کو سخت وارننگ دیتے ہوئے کہا کہ ایران کسی بھی بڑی اور فیصلہ کن جنگ سے پیچھے نہیں ہٹے گا اور صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے دی جانے والی دھمکیوں کا کوئی نتیجہ برآمد نہیں ہوگا۔انہوں نے کہا کہ جب امریکا بغیر کسی معقول وجہ کے اسلام آباد میں طے پانے والی مفاہمتی یادداشت (MoU) سے یکطرفہ طور پر پیچھے ہٹا تھا تو ایران نے اسی وقت امریکا کے حوالے سے اپنی دفاعی حکمتِ عملی تبدیل کر لی تھی۔محسن رضائی نے دعویٰ کیا کہ ایران اب امریکی فوج کی تمام کمزوریوں سے اچھی طرح واقف ہے اور کسی بھی ممکنہ فضائی حملے کا جواب دینے کے لیے پہلے سے کہیں زیادہ تیار ہے۔

لندن: وزیر خزانہ محمد اورنگزیب پاکستان انویسٹمنٹ راؤنڈ ٹیبل میں اظہار خیال کر رہے ہیں

اسحاق ڈار سے ترک سفیر، برطانوی ہائی کمشنر کی ملاقاتیں

علاقائی صورتحال اور پاکستان، ترکیہ کے درمیان دوطرفہ تعاون مزید بڑھانے پر گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے ترکیہ کے سفیر اور برطانوی ہائی کمشنر نے ملاقاتیں کیں جن میں خطے کی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا گیا، دفتر خارجہ کے مطابق ترکیہ کے سفیر عرفان سے خطے کی صورت حال پر بات کرتے ہوئے نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 021)

حوثیوں اور سعودی حمایت یافتہ فورسز میں لڑائی میں 68 ہلاک

حوثیوں کی بحیرہ احمر کے ساحلی علاقوں میں پیش قدمی سے اہم بحری راستوں کی سلامتی کو خطرہ

ریاض (مانیٹرنگ ڈیسک) یمن میں حوثیوں اور سعودی حمایت یافتہ حکومتی فورسز کے درمیان شدید جھڑپوں میں 24 گھنٹوں کے دوران کم از کم 68 افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔ یمنی حکومتی عہدیدار نے بتایا کہ حوثیوں کے میزائل اور ڈرون حملوں میں جنوب مغربی علاقوں میں 23 حکومتی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 22)

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے عالمی مائیگریشن پالیسی کی DG سوزین راب ملاقات کر رہی ہیں

وزیر خزانہ: پاکستان پہلے سے بہتر معاشی پوزیشن پر ہے

بڑی صنعتوں کی پیداوار میں بہتری آئی ہے، ترسیلات زر میں مضبوط اضافے سے کرنٹ اکاؤنٹ کو فائدہ ہو رہا ہے

پاکستان امداد پر مبنی تعلقات سے سرمایہ کاری کی جانب بڑھ رہا ہے، لیڈرز ان اسلام آباد بزنس سمٹ سے خطاب

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان اب پہلے سے بہتر معاشی پوزیشن میں ہے اور معاشی بہتری کا تسلسل رواں مالی سال میں بھی جاری ہے۔ لیڈرز ان اسلام آباد بزنس سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے محمد اورنگزیب نے کہا کہ بڑی صنعتوں کی پیداوار میں بہتری آئی ہے، ترسیلات زر میں مضبوط اضافے سے کرنٹ اکاؤنٹ کو فائدہ ہو رہا ہے جبکہ آئی ٹی برآمدات بھی مسلسل بڑھ رہی ہیں۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان امداد پر مبنی تعلقات سے تجارت اور سرمایہ کاری کی جانب بڑھ رہا ہے۔ دوطرفہ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 23) ملک پائیدار اور برآمدات پر مبنی معاشی ترقی کے ماڈل کی جانب بڑھ رہا ہے، احکامات میں کہا گیا ہے کہ سرکاری گاڑیوں

کفایت شعاری مہم: بازار 9، شادی ہال 10 بجے بند کرنے کا حکم

سفارشات پر غور کے بعد کفایت شعاری اور ایندھن بچت کے اقدامات پر فوری طور پر عملدرآمد کی ہدایت

فارمیسی، اسپتال، بیکری، ملک شاپ، تندور وقات کار سے مستثنیٰ، شادی کی تقریب ون ڈش ہوگی، کابینہ ڈویژن

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت نے کفایت شعاری مہم کے تحت بازار 9 بجے اور شادی ہال 10 بجے بند کرنے کے احکامات جاری کر دیے، شادی کی تقاریب میں صرف ون ڈش ہوگی، فارمیسی، اسپتال، بیکری، ملک شاپ، تندور و دیگر اوقات کار سے مستثنیٰ ہوں گے۔ وفاقی حکومت نے ایندھن کی بچت اور اضافی کفایت شعاری کے اقدامات کی نگرانی اور عملدرآمد سے متعلق احکامات جاری کیے ہیں جس کا وفاقی کابینہ ڈویژن نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ کمیٹی کی سفارشات پر غور کے بعد کفایت شعاری اور ایندھن بچت کے اقدامات پر فوری طور پر عملدرآمد کی ہدایت کی گئی ہے، (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 24)

ایران سے ڈیل ہو نہ ہو، جنگ میں جیت امریکا کی ہوگی، ٹرمپ

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ کسی ڈیل کے ذریعے ہو یا نہیں مگر ایران کے خلاف اس جنگ میں جیت امریکا کی ہوگی۔ امریکی صدر (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 28)

ماں اور تین کمسن بچوں کے قتل میں ملوث ملزم پولیس مقابلے میں ہلاک

پولیس ذرائع کے مطابق قریبی رشتے دار نے ذاتی رنجش پر لرزہ خیز جرم کیا، آلہ قتل بھی برآمد

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) شہر قائد کے علاقے سرجانی ٹاؤن میں ماں اور تین کمسن بچوں کے لرزہ خیز قتل میں ملوث ملزم کو گرفتار کرلیا گیا جو قریبی رشتے دار نکلا ہے۔ پولیس ذرائع سے ملنے والی اطلاع کے مطابق سرجانی ٹاؤن سیکٹر سیون ڈی میں ماں اور اس کے 3 معصوم بچوں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 27)

وزیراعظم اصلاحات کے تحت کے پی ٹی اور پپری ریلوے لنک کی بحالی

مخصوص ریلوے لنک کے ذریعے لاجسٹکس پارک کو کراچی پورٹ اور پورٹ قاسم سے منسلک کیا جائے گا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم ٹاسک فورس کی جانب سے اصلاحات کے تحت کراچی پورٹ ٹرسٹ اور پپری ریلوے لنک کی بحالی جاری ہے۔ وزیراعظم ٹاسک فورس کی اصلاحات کے تحت ریلوے اور بندرگاہی انفرااسٹرکچر بہتر بنا کر کارگو ترسیل مؤثر بنانے کے اقدامات (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 26)

ٹرمپ اور نیتن یاہو کے اقتدار تک آبنائے ہرمز نہیں کھولی جائے گی، باقر ذوالقدر

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایرانی رہبر انقلاب کے سیاسی مشیر محمد باقر ذوالقدر نے کہا ہے کہ جب تک امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور اسرائیلی وزیراعظم بنیامین نیتن (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 25)

کراچی پورٹ کا عالمی اسکور تاریخ کی بلند ترین سطح پر

900 عالمی بندرگاہوں سے متعلق اعداد و شمار کی بنیاد پر کے پی ٹی کو یہ اعزاز حاصل ہوا ہے

بہتر رابطہ کاری سے عالمی سپلائی چینز تک پاکستان کی رسائی مزید مضبوط ہوگی، ترجمان

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) کراچی پورٹ نے عالمی بحری رابطہ کاری میں اہم پیشرفت کرتے ہوئے 2026 کی دوسری سہ ماہی میں 343 کا ریکارڈ پی ایل ایس سی آئی (PLSCI) اسکور حاصل کرلیا، جو اس کی تاریخ کی بلند ترین سطح ہے، ترجمان کراچی پورٹ ٹرسٹ کے مطابق کراچی پورٹ کی عالمی لائنر شپنگ نیٹ ورک سے رابطہ کاری میں نمایاں بہتری آئی ہے، جس کے نتیجے میں پورٹ کا پی ایل ایس سی آئی اسکور ریکارڈ سطح تک پہنچا۔ ترجمان نے بتایا کہ تقریباً 900 عالمی بندرگاہوں کے رابطہ کاری سے متعلق اعداد و شمار کی بنیاد پر کراچی پورٹ کا یہ ریکارڈ اسکور سامنے آیا ہے۔ پاکستان کی مجموعی ایل ایس سی آئی (LSCI) درجہ بندی بھی ایک درجہ بہتر ہوئی ہے اور ملک 35 ویں پوزیشن سے ترقی کر کے 34 ویں درجے پر آ گیا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ نئی درجہ بندی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 29)

رواں مالی سال میں پاکستانی معیشت میں نمایاں بہتری

معاشی اشاریوں کی مظبوطی پاکستان میں بڑھتی کاروباری سرگرمی اور معاشی اعتماد کی عکاس ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) رواں مالی سال کے ابتدائی 2 ماہ میں پاکستانی معیشت میں بہتری کے نمایاں رجحانات سامنے آئے ہیں، پاکستان کا کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ اگست میں 70 فیصد کمی سے صرف 9 کروڑ 80 لاکھ ڈالر رہ گیا جبکہ 2 ماہ کا خسارہ 36 فیصد کم ہوا ہے۔ اسی طرح بیرونی کھاتوں میں بہتری کے ساتھ بڑی صنعتوں کی پیداوار میں سالانہ 3 فیصد اور ماہانہ 9.5 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ ملک میں نئی کمپنیوں کی رجسٹریشن 45 فیصد بڑھ کر رجسٹرڈ کمپنیوں کی تعداد 3 لاکھ 12 (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 30)

ضبط گندم میں خورد برد، ڈی سی خیرپور سمیت 4 افسران معطل

معطل افسران خورد برد، بدانتظامی اور بے ضابطگیوں میں ملوث پائے گئے

اسسٹنٹ کمشنر سوبھو دیرو، مختیار کار، ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر خیرپور شامل ہیں، ترجمان

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت سندھ نے ذخیرہ اندوزوں سے ضبط کی گئی گندم میں مبینہ خورد برد پر اسسٹنٹ کمشنر سوبھو دیرو ضلع خیرپور، مختیار کار اور فوڈ کنٹرولر سمیت 4 افسران کو معطل کر دیا۔ حکومت سندھ کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق چیف سیکریٹری سندھ آصف حیدر شاہ نے چاروں افسران کو فوری طور پر معطل کر دیا ہے اور کہا گیا ہے کہ معطل افسران گندم کی مبینہ خورد برد، بدانتظامی اور بے ضابطگیوں میں ملوث پائے گئے۔ ترجمان چیف سیکریٹری سندھ نے بتایا کہ اسسٹنٹ کمشنر سوبھو دیرو شاہ محمد، مختیار کار سوبھو دیرو وقار شیخ کو فوری طور پر معطل کر دیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر خیرپور مشتاق احمد شیخ اور انچارج پی آر سی رانی پور پیر بخش جونو کو بھی معطل کر دیا گیا ہے، ترجمان کا کہنا تھا کہ کارروائی حکومت سندھ کی حالیہ انسداد ذخیرہ اندوزی مہم کے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 31)

انڈس کلائیمٹ فورم کی جانب سے جام شورو کے قریب دریائے سندھ میں آلودگی کے خلاف احتجاج کیا جا رہا ہے

وزیراعظم کا زرمبادلہ کے ذخائر بلند ترین سطح پر پہنچنے پر اظہارِ تشکر

زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ بیرونی ادائیگیوں کی صلاحیت کو مضبوط بنائے گا، شہباز شریف

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر کی تاریخ کی بلند ترین سطح 21.4 ارب ڈالر تک پہنچنے پر اظہارِ تشکر کرتے ہوئے اسے معاشی استحکام کی جانب ایک اور تاریخی سنگِ میل قرار دے دیا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ زرمبادلہ کے ذخائر 21.4 ارب ڈالر تک پہنچنا معاشی ٹیم کی دن رات محنت اور درست سمت میں کیے گئے اقدامات (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 32)

پیٹرول سبسڈی پر پیٹرول پمپ اونرز ایسوسی ایشن کی وضاحت

وائس چیئرمین نعمان علی کے مطابق حکومت نے 16 ستمبر کے کلیمز کی مکمل ادائیگی کردی ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت کی جانب سے موٹر سائیکل، رکشہ اور چھوٹی گاڑیوں کو سبسڈی دیے جانے کے معاملے پر آل پاکستان پیٹرول پمپ اونرز ایسوسی ایشن کے وائس چیئرمین نعمان علی بٹ نے وضاحت کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت نے پیٹرول پمپس کے 16 ستمبر (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 33)

گزدرآباد پولیس اسپتال کے قریب سڑک پر کھلے گٹر پر رنگ رکھ کر چھوڑ دیا گیا ہے جس سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے

ایشیا و بحرالکاہل کے چیف جسٹس صاحبان کی کانفرنس کا انعقاد

جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے سیول میں سپریم کورٹ آف پاکستان کی نمائندگی کی

ڈیسک (مانیٹرنگ ڈیسک) ایشیا و بحرالکاہل کے چیف جسٹس صاحبان کی 20 ویں کانفرنس منعقد ہوئی جس میں عدالتی نظام پر تبادلہ خیال کیا گیا. سپریم کورٹ کے جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے جنوبی کوریا کے دارالحکومت سیول میں سپریم کورٹ آف پاکستان کی نمائندگی کی. کانفرنس میں ایشیا و بحرالکاہل کے ممالک کی اعلیٰ عدالتی قیادت نے شرکت کی. کانفرنس میں عدلیہ کے بدلتے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 34)

وزیراعظم کی فیول ریلیف اسکیم میں مزید سہولت فراہم کرنے کی ہدایت

یکم جنوری 2006ء کے بعد رجسٹرڈ تمام موٹر سائیکلیں، رکشے، چنگ چی رجسٹریشن کے اہل ہوں گے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے پرائم منسٹر فیول ریلیف سکیم میں عوام کو مزید سہولت فراہم کرنے کی خصوصی ہدایت کردی۔ وزیراعظم آفس سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے فیول ریلیف اسکیم میں 20 سال پرانی موٹر سائیکلوں، رکشوں اور چنگ چی رکشوں کو فی الفور شامل کرنے کی ہدایت کی۔ یکم جنوری 2006ء کے بعد رجسٹرڈ تمام موٹر سائیکلیں، رکشے، چنگ چی وزیراعظم فیول ریلیف سکیم میں رجسٹریشن کے لیے اہل ہوں گے۔ وزیراعظم فیول ریلیف اسکیم (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 35)

سپلائی کے متبادل راستوں کی امید، خام تیل کی قیمتوں میں کمی

برینٹ خام تیل کے دسمبر معاہدوں کی قیمت 1.01 ڈالر یا ایک فیصد کمی سے 103.77 ڈالر فی بیرل ہوگئی

سعودی عرب کی ایسٹ ویسٹ پائپ لائن کی طویل بندش سے سپلائی کا چار فیصد تک متاثر ہونے کا خدشہ ہے

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں تقریباً ایک فیصد کم ہو کر مسلسل تیسرے سیشن میں بھی کمی کا شکار رہیں، تاہم دونوں اہم بینچ مارکس 100 ڈالر فی بیرل سے اوپر برقرار رہے۔ مارکیٹ میں مشرق وسطیٰ سے تیل کی ترسیل کے متبادل راستوں کی امیدوں نے سعودی عرب اور یمن کے حوثیوں کے درمیان تازہ حملوں سے پیدا ہونے والی سپلائی خدشات کو پسِ پشت ڈال دیا۔ برینٹ خام تیل کے دسمبر معاہدوں کی قیمت 1.01 ڈالر یا ایک فیصد کمی سے 103.77 ڈالر فی بیرل جبکہ امریکی ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ کی قیمت 1.03 ڈالر یا ایک فیصد کم ہو کر 100.88 ڈالر فی بیرل رہی۔ دونوں بینچ مارکس اس (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 42)

چھوٹے کاروباروں کے لیے شریعہ کمپلائنٹ ڈیجیٹل فنانسنگ کی منظوری

چھوٹے کاروباری افراد ڈیجیٹل ایپ کے ذریعے 30 لاکھ روپے تک فنانسنگ حاصل کرسکیں گے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے چھوٹے کاروباروں کے لیے شریعہ کمپلائنٹ ڈیجیٹل فنانسنگ کی منظوری دے دی ہے جس کے تحت چھوٹے کاروباری افراد ڈیجیٹل ایپ کے ذریعے 30 لاکھ روپے تک فنانسنگ حاصل کرسکیں گے۔ ایس ای سی پی کے مطابق شامل کارتا جر ایپ کے ذریعے منظور شدہ سپلائرز سے کاروباری سامان (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 45)

ایران میں حملے، وائٹ ہاؤس نے جنگی جرائم کا الزام مسترد کردیا

اقوام متحدہ کے مطابق ان حملوں میں جنوبی ایران کے شہر میناب میں ایک اسکول بھی نشانہ بنا تھا

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) وائٹ ہاؤس نے ایران میں امریکی حملوں سے متعلق اقوام متحدہ کی اس رپورٹ کو مسترد کردیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ 28 فروری کو ہونے والے دو حملوں میں امریکا کی جانب سے جنگی جرائم کے ارتکاب پر 'معقول بنیادیں' موجود ہیں، اقوام متحدہ کے مطابق ان حملوں میں جنوبی ایران کے شہر میناب میں ایک اسکول بھی نشانہ بنا تھا۔ وائٹ ہاؤس کی ترجمان اینا کیلی نے اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کونسل پر تنقید کرتے ہوئے رپورٹ کے نتائج کو مسترد کیا۔ ان کا کہنا تھا (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 46)

کے یو جے اور ٹی پی اے میں ارکان کے علاج کے معاہدے کے موقع پر گروپ فوٹو

امریکا پوری ایرانی قوم کی معاشی زندگی کو نشانہ بنا رہا ہے، اسماعیل بقائی

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ امریکا پوری ایرانی قوم کی معاشی زندگی کو نشانہ بنا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایرانی عوام کو شدید معاشی نقصان پہنچانے کے لیے ایران پر اقتصادی جنگ مسلط کی گئی ہے، اسماعیل بقائی کے مطابق امریکی پابندیوں کا بیانیہ اتنا کمزور ہے کہ اس سے واشنگٹن کی سوچ عیاں ہوگئی ہے، ایرانی وزارت خارجہ نے مزید کہا کہ امریکا ایران (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 36)

پاکستانی ڈاکٹر قومی سائنٹسٹ ڈائریکٹری میں شامل

وہان (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کی ہونہار ڈاکٹر ارم ناز دختر مہر محمد بخش قومی سائنٹسٹ ڈائریکٹری میں شامل ہوگئی ہیں۔ ڈاکٹر ارم ناز چینی حکومت کی خصوصی اسکالرشپ پر وہان یونیورسٹی چین میں ڈاکٹریٹ کی ریسرچ کر رہی ہیں۔ ڈاکٹر ارم کی تحقیق کا موضوع ماحولیات اور جیوسینسنگ ہے، متعدد مقالے عالمی جریدوں میں شائع ہو چکے ہیں۔ پاکستان میں خواتین سائنسدانوں کی تعداد 2898 ہے جو کل (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 43)

اسلام آباد: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان کڈنی اینڈ لیور انسٹی ٹیوٹ میں پہلا کامیاب کڈنی ٹرانسپلانٹ

پی کے ایل آئی کے مالی معاونت شعبے نے مریض کے علاج کے اخراجات 100 فیصد فراہم کیے

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کڈنی اینڈ لیور انسٹی ٹیوٹ راولپنڈی میں پہلا کامیاب کڈنی ٹرانسپلانٹ ہوا ہے. اسلام آباد کے علاقہ فراش ٹاؤن کے رہائشی 32 سالہ قیس اصغر کو نئی زندگی مل گئی۔ قیس اصغر کو اسکے حقیقی بھائی 26 سالہ انس اصغر نے گردہ عطیہ کیا۔ ڈاکٹر اسد (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 38)

مشرق وسطیٰ میں امریکی جنگ میں شامل نہیں ہوں گے، جنوبی کوریا

سیول (مانیٹرنگ ڈیسک) جنوبی کوریا کے صدر لی جے میونگ نے کہا ہے کہ ان کا ملک مشرق وسطیٰ میں امریکی جنگ میں عسکری حصہ نہیں لے گا۔ تاہم وہ ڈونلڈ ٹرمپ اور کم جونگ ان کے درمیان ایک نئی ملاقات کا بندوبست کرنے کے لیے کام کر رہے ہیں۔ لی کا کہنا ہے کہ ٹرمپ مذاکرات چاہتے ہیں اور میں صدر ٹرمپ سے بھی بات چیت میں شامل ہونے کی تاکید کرتا ہوں۔ امریکی صدر نے شمالی کوریا کے آمر کم جونگ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 37)

آن لائن فراڈ کیس، غیر ملکی سمیت 3 مجرموں کو سات، سات سال قید کی سزا

عدالت نے چینی شہری بائی شیاؤ منگ، نعمان عابد ملک اور حسنین محمود کو مجرم قرار دیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد نے آن لائن اور الیکٹرانک فراڈ کیس میں ملوث غیر ملکی سمیت 3 مجرموں کو سات، سات سال قید کی سزا سنا دی۔ سینئر سول جج / جوڈیشل مجسٹریٹ ملک امان نے فیصلہ سنایا۔ عدالت نے چینی شہری بائی شیاؤ منگ، نعمان عابد ملک اور حسنین محمود کو مجرم قرار دیا، جبکہ کیس میں ملوث ملکی و غیر ملکی 9 ملزمان کو اشتہاری قرار دے دیا گیا۔ عدم ثبوت پر زو چنگ لیانگ، شہزادہ ایاز لطیف اور حمزہ شاہنواز کو بری کر دیا گیا۔ عدالت نے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 41)

پنجاب میں انسدادِ پرتشدد انتہا پسندی کے مرکز سے متعلق اہم قانون نافذ

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پنجاب میں انسدادِ پرتشدد انتہا پسندی کے مرکز سے متعلق اہم قانون نافذ کردیا گیا، پنجاب سینٹر آف ایکسیلنس آن کاؤنٹرنگ وائلنٹ ایکسٹریمزم ترمیمی ایکٹ 2026 کا گزٹ نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا۔ ترمیمی قانون کے تحت پنجاب سینٹر آف ایکسیلنس آن کاؤنٹرنگ وائلنٹ ایکسٹریمزم کو باقاعدہ کارپوریٹ قانونی حیثیت دے دی گئی ہے۔ قانون میں ترمیم کے بعد مرکز اب اپنے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 44)

کراچی ایئرپورٹ پر منشیات اسمگلنگ کی بڑی کوشش ناکام، میاں بیوی گرفتار

تقریباً 20 لاکھ روپے مالیت کی 580 گرام چرس دبئی اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بنائی گئی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کسٹمز کے حکام نے جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر تقریباً 20 لاکھ روپے مالیت کی 580 گرام چرس دبئی اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بناتے ہوئے میاں بیوی کو گرفتار کرلیا۔ ایف بی آر کے مطابق انٹرنیشنل ڈیپارچرز پر تعینات کسٹمز مشین آپریٹر (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 47)

آسان ٹیکس اسکیم: دکانداروں کو رجسٹرڈ کرنے پر اتفاق

ایف بی آر کے افسران اور تاجر نمائندے مشترکہ حکمت عملی بنائیں گے

وزیر مملکت خزانہ بلال کیانی کی زیر صدارت جائزہ اجلاس میں اہم فیصلے کیے گئے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی حکومت اور تاجر تنظیموں کے رہنماؤں کے درمیان فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے افسران اور تاجر نمائندوں کی جانب سے مشترکہ طور پر چاروں صوبوں میں آسان ٹیکس اسکیم کے تحت بازاروں میں جا کر دکان داروں کو رجسٹر کرنے پر اتفاق ہوا ہے، جس کے تحت رجسٹریشن کی سہولت فراہم کرنے کی مشترکہ حکمت عملی بنائی جائے گی۔ وفاقی وزارت خزانہ کے مطابق وزیر مملکت خزانہ اور ریلوے بلال اظہر کیانی کی زیر صدارت آسان ٹیکس اسکیم کا جائزہ اجلاس ہوا، جس میں تاجر تنظیموں کے قائدین اجمل بلوچ اور کاشف چوہدری، ممبر ان لینڈ ریونیو آپریشنز زبیر بلال، ایف بی آر (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 39)

لاڑکانہ، قمبر اور شہدادکوٹ کے لیے پیپلز بس سروس کا نیا روٹ شروع

پیپلز بس سروس کے دائرہ کار کو سندھ کے مختلف شہروں تک وسعت دی جا رہی ہے، شرجیل میمن

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) سینیئر وزیر شرجیل انعام میمن کی ہدایات پر لاڑکانہ، قمبر اور شہدادکوٹ کے عوام کے لیے پیپلز بس سروس کے نئے روٹ کا آغاز کر دیا گیا ہے، شرجیل میمن نے کہا کہ پیپلز بس سروس کے دائرہ کار کو سندھ کے مختلف شہروں تک وسعت دی جا رہی ہے۔ نئے روٹ سے لاڑکانہ، قمبر اور شہدادکوٹ کے شہریوں کو سفری سہولت حاصل ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت کا (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 40)

مدینہ منورہ: 110 ملین ٹن خام معدنیات دریافت

یہ پیشرفت سویلین ایٹمی توانائی کے شعبے میں سعودی عرب کے قدم مزید مضبوط کرے گی

جبل صاید پروجیکٹ کی دریافت نے اسے معدنی وسائل کے سب سے اہم ترین مقامات میں شامل کر دیا ہے

ویانا (مانیٹرنگ ڈیسک) ویانا میں بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی کے سترویں جنرل کانفرنس کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سعودی عرب کے وزیر توانائی شہزادہ عبدالعزیز بن سلمان نے بتایا کہ مدینہ منورہ کے قریب واقع جبل صاید پروجیکٹ میں کی جانے والی جیولوجیکل تحقیق اور دریافتوں سے تقریباً 110 ملین ٹن خام مال کی موجودگی کا پتہ چلا ہے، جس میں کمیاب معدنیات کے ساتھ ساتھ یورینیم کی بہترین مقدار موجود ہے۔ سعودی وزیر توانائی شہزادہ عبدالعزیز بن سلمان کا کہنا تھا کہ جبل صاید پروجیکٹ کی دریافت نے اسے بین الاقوامی سطح پر تیار کیے جانے والے کمیاب معدنی وسائل کے سب سے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 48)

تجارت نیوز
میڈیا گروپ کو ملک بھر سے نمائندگان کی ضرورت ہے
جو کہ تجارت، معیشت اور کاروبار سے متعلق خصوصی رپورٹس
اور خبریں تیار کرنے کا تجربہ و مہارت رکھتے ہوں
اپنی CV میل یا واٹس ایپ کریں
Tijaratnewshd@gmail.com
0313-1176161

وائس چانسلر ڈاؤ یونیورسٹی پروفیسر نازلی حسین ترکیہ کے وفد کو شیلڈ پیش کر رہی ہیں

فلائی جناح کی کراچی سے ریاض کیلئے باقاعدہ پروازوں کے آغاز پر ایئرپورٹ کے لاؤنج میں کیک کاٹنے کی تقریب میں حکام کا گروپ فوٹو

ایڈیٹر محمد صغیر نے سم سم پرنٹرز آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر آفس نمبر A-48 بلاک J نارتھ ناظم آباد سے شائع کیا